انٹرنیٹ پر کامیاب ویب سائٹ یا آن لائن سٹور چلانے کے
لیے آسان فہم اردو زبان میں سیکھیں

ایس ای او



مرتب

عبدالوہاب شیرازی

www.NuktaGuidance.com

پیش لفظ

انٹرنیٹ کی دنیا سے میری وابستگی 1998 سے ہے، اس وقت Yahoo بہت مقبول ہوا کرتا تھا، جبکہ ونڈو 98 ہوا کرتی تھی، بہت سارے کام بائیوس میں کیے جاتے تھے، پھر 2006 کے بعد بڑی تیزی کے ساتھ انٹرنیٹ کی دنیا میں تبدیلیاں آنا شروع ہوئیں۔ گوگل، یوٹیوب، فیس بک جیسے بڑے بڑے پلیٹ فارمز آ گئے، پھر آہستہ آہستہ عام روزمرہ کے کام بھی آہستہ آہستہ انٹرنیٹ پر منتقل ہونا شروع ہوئے، لوگوں نے انٹرنیٹ پر دکانیں سجالیں، دفاتر کھول لیے، سکول اور کالج کھل گئے، الغرض ہر کام انٹرنیٹ پر ہی ہونے لگا۔ اور اب انٹرنیٹ کے بغیر آپ اپنی عام سی دکان بھی نہیں چلا سکتے۔

انٹرنیٹ پر کام کرنے کا بھی ایک ڈھنگ ہے اگر آپ اس کے مطابق کام کریں گے تو جلدی کامیابی ملے گی، ورنہ ٹائم ہی ضائع ہو گا۔ انٹرنیٹ پر کام کرتے ہوئے چار چیزوں کا علم ہونا نہایت ہی ضروری ہے۔

ایس ای او

ڈیجیٹل مارکیٹنگ

ای کامرس

ورڈپریس

ان چاروں چیزوں کو سکھانے کے لیے بڑے برے اور مہنگے کورسز کرائے جاتے ہیں۔ ان کورسز میں دو مسائل ہیں ایک تو یہ کہ پیسہ بہت خرچ کرنا پڑتا ہے، اور دوسرا مسئلہ یہ کہ پڑھانے والے ایسے پڑھاتے ہیں کہ پچھلی صدی میں پیدا ہوا شخص یا کم پڑھا لکھا آدمی مشکل سے ہی سمجھ پاتا ہے۔ چونکہ میں خود پچھلی صدی کا آدمی ہوں اس لیے میں نے کوشش کی ہے کہ اردو زبان اور آسان الفاظ میں ان تینوں موضوعات پر اپنی معلومات اور تجربات کو تحریری شکل میں شیئر کر دوں۔

امید کرتا ہوں آپ کو میری یہ کاوش پسند آئے گی۔

اہم نوٹ:

اس کتاب میں لکھے گئے تمام مضامین ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں اگر وہاں پڑھ لیں تو آپ کو زیادہ سہولت رہے گی، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں ساتھ ساتھ متعلقہ تصاویر اور لنکس بھی دیے گئے ہیں، آپ لنک پر کلک کر کے فورا متعلقہ چیز کو دیکھ بھی سکتے ہیں۔ ظاہر ہے کتاب میں تو لنک کام نہیں کرتے یہاں آپ صرف پڑھ سکتے ہیں۔ اس لیے زیادہ بہتر یہی ہے کہ آپ ہماری مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جا کر یہ تمام مضامین پڑھ لیں جس کا لنک یہ ہے:

www.NuktaGuidance.com

شکریہ

سید عبد الوہاب شاہ شیرازی

اسلام آباد پاکستان

03470005578

Contents

ایس ای او ماہر بننے کے لیے 10 ضروری مہارتیں 12

1۔ کی ورڈ ریسرچ کی مہارت 12

2۔ ایس ای او کی ٹیکنکل مہارتیں 12

3۔ گوگل سرچ کنسول کی مہارت 13

4۔ گوگل اینالائیسٹک کی مہارت 14

5۔ لنک بنانے کی مہارت 14

6۔ آن پیج ایس ای او 14

7۔ موبائل پیج ایس ای او 15

8۔ لوکل ایس ای او کی مہارت 15

9۔ سی آر او 16

10۔ ایس ای او ماسٹر ٹولز 17

دیگر مہارتیں 17

خلاصہ 18

آن پیج ایس ای او کیا ہے؟؟ 19

آن پیج ایس ای او کیا ہے؟ 19

آن پیج ایس ای او کیوں ضروری ہے؟ 19

ہائی رینکنگ کے لیے 10 آن پیج ایس ای او تکنیک 20

ا۔ اعلی معیار کا مواد 20

۲۔ مواد کا ٹائٹل اور میٹاڈسکرپشن بہتر سے بہتر لکھیں۔ 20

۳۔ عنوانات اور پیراگراف کی اچھی فارمیٹنگ کریں۔ 21

۴۔ جو تصاویر اور ملٹی میڈیا اپلوڈ کریں ان کی بھی ایس ای او کریں۔ 21

۵۔ یو آر ایل کی سیٹنگ 21

٦۔ اندرونی لنکس دیں 22

۷۔ بیرونی لنکس دیں 22

بیرونی لنک دیتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں۔ 22

۸۔ صفحہ لوڈ ہونے کی رفتار 23

۹۔ موبائل فرینڈلی ویب سائٹ 23

۱۰۔ کمنٹ اور تبصرے 23

آن پیج ایس ای او زیادہ اہم ہے یا آف پیج ایس ای او؟ 23

آرٹیکل کا خلاصہ 24

آف پیج ایس ای او کیا ہے 25

یہاں ہم چند مزید طریقے بھی بتا دیتے ہیں جنہیں آپ اختیار کر سکتے ہیں: 25

آرگینک سرچ کیا ہے؟ 27

آرگینک سرچ اتنی اہم کیوں ہے؟ 28

بامعاوضہ سرچ اور آرگینک سرچ میں فرق 29

آرگینک سرچ کیسے حاصل کریں؟ 30

ایس ای او تین طرح کی ہوتی ہے۔ 30

آر گینک سرچ کے لیے بہترین ایس ای او عوامل 30

سی ٹی آر (CTR) یعنی آرگینک کلک تھرو ریٹ کیا ہے اور اسے بہتر بنانے کے 7 طریقے 32

سی ٹی آر کیا ہے؟ 32

آرگینک سرچ کے لیے بہترین سی ٹی آر کیا ہے۔؟ 32

سی ٹی آر یعنی آرگینک کلک تھرو ریٹ کیوں اہم ہے؟ 32

1۔ اپنے سی ٹی آر کو کیسے بہتر بنائیں؟ 33

2۔ اپنی ڈسکرپشن میں طاقتور الفاظ استعمال کریں۔ 33

3۔ مختصر اور متعلقہ الفاظ پر مشتمل یو آر ایل بنائیں۔ 34

4۔ گوگل رچ اسنیپٹس کے لیے اپنے مواد کو بہتر بنائیں۔ 34

5۔ اپنے مواد کو سائٹس لنک کے لیے بہتر بنائیں۔ 34

6۔ کم سی ٹی آر والے پیجز کو دیکھنے کے لیے گوگل سرچ کنسول کا استعمال کریں۔ 35

7۔ اپنا برانڈ بنانے کے لیے محنت کریں۔ 35

کیٹگری پیجز کی ایس ای او (SEO) کیسے کریں؟ 36

کیٹگری کے صفحات کی ایس ای او کے لیے ضروری کام۔ 37

1۔ کیٹگری کا یو آر ایل بہتر بنائیں۔ 37

2۔ کیٹگری کا ٹائٹل عمدہ بنائیں۔ 38

3۔ کیٹگری کی میٹا ڈسکرپشن لکھیں۔ 38

4۔ مصروف رکھنے والے عناصر 39

5۔ تصاویر اور دیگر عناصر 40

سارے مضمون کا نتیجہ 40

ویب سائٹ کا ڈھانچہ مرتب کرنا کیوں اہم ہے۔ 41

1۔ ویب سائٹ کے مواد کو گروپس میں تقسیم کریں۔ 42

2۔ ڈھانچے اور کیٹگریز کو مینیو میں شامل کریں۔ 42

3۔ کمپیوٹر اور موبائل کے لیے الگ الگ مینیو 42

4۔ مواد کا یو آر ایل بہتر بنائیں۔ 43

5۔ اپنے تمام صفحات پر بریڈ کرمب شو کریں۔ 43

6۔ وزٹرز کے لیے سائٹ میپ بنائیں۔ 44

پلر پیج کیا ہے اور ایس ای او میں اس کی اہمیت کیوں ہے ؟ 44

پلر پیج کیا ہے ؟ 45

پلر پیج کی خصوصیات 45

پلر پیجز ایس ای او کے لیے کیوں اہم ہیں ؟ 45

ویکی پیڈیا 46

عنوانات 46

پِلر پیج کیسے بنائیں ؟ 47

ا۔ کن عنوانات پر پِلر پیج بنانا ہے ؟ 47

۲۔ کسی ایک طریقے کا انتخاب کریں۔ پِلر پیج یا ٹاپک کلسٹرز ؟ 47

۳۔ کی ورڈز ریسرچ 48

۴۔ منصوبہ بندی اور خاکہ بنائیں۔ 49

۵۔ بصری اور سماعتی مواد 49

۶۔ گوگل نمایاں ٹکڑے(Featured Snippet) 50

۷۔ مواد پر نظر ثانی کریں۔ 51

۸۔ اپنے مواد کی تشہیر کریں۔ 51

۹۔ انتظار کی گھڑیوں میں کرنے کا کام۔ 52

۱۰۔ پِلر پیج کی نگرانی کا عمل 52

انٹرنل لنکنگInternal Linking کی اہمیت 53

لنکس کی اقسام 53

اندرونی لنکس اور ایس ای او(SEO) 55

ایک صفحے پر کتنے انٹرنل لنکس ہونے چاہیے؟ 56

ایکسٹرنل لنک(External link) کیا ہے؟ 56

اپنے ویب پیج کی رفتار کیسے بڑھائیں۔؟ ویب پیج سپیڈ بڑھانے کے 8 طریقے 58

پیج سپیڈ سے کیا مراد ہے؟ 58

ایس ای او کے لیے پیج سپیڈ کیوں اہم ہے؟ 58

بہترین ویب پیج کون سا ہوتا ہے؟ 58

پیج سپیڈ بڑھانے کے 8 طریقے 58

۱۔ تصاویر کو کمپریس کریں۔ 59

۲۔ ویڈیوز کی سیٹنگ 59

۳۔ کیشنے کو فعال کریں۔ 59

۴۔CSSاور JSکو کم کریں۔ 59
۵۔ہوسٹنگ تبدیل کریں۔ 60
۶۔پلگ ان ختم کریں۔ 60
۷۔پی ایچ پی کے تازہ ترین ورژن میں اپ گریڈ کریں۔ 60
آن لائن سٹور کے ہوم پیج کی ایس ای او 62
آپ کا ہوم پیج چند ضروری چیزوں سے مزین ہونا چاہیے مثلاً: 62
ہوم پیج کی اہمیت کیوں ہے؟ 62
آن لائن سٹور کے ہوم پیج کی ایس ای او کیسے کریں؟ 63
1۔کسٹمرز کے لیے ہوم پیج کی اصلاح 63
توجہ طلب بات 64
۲۔ہوم پیج کی سرچ انجن کے لیے اصلاح 64
1۔سیکورٹی (ایس ایس ایل) 64
2۔ٹائٹل کو کیسے بہتر کریں۔ 65
3۔ہوم پیج کی ڈسکرپشن 66
4۔H1ٹیگ کا استعمال 66
5۔تحریری مواد اور کی ورڈز 66
6۔تصاویر کی ایس ای او 67
7۔سٹرکچرڈ ڈیٹا یا اسکیما مارک اپ 68
8۔فوٹر 69

خلاصہ 69

ایس ای او آڈٹ کے لیے ۱۰ ٹولز 70

ایس ای او آڈٹ کیا ہے؟ 70

ایس ای او آڈٹ ٹولز: 70

۱۔SEMrush سائٹ آڈٹ ٹول 70

۲۔ گوگل سرچ کنسول 71

۳۔ سائٹ چیکر پرو 71

۴. احریفس SEO سائٹ آڈٹ ٹول 72

۵۔Screaming Frog SEO Spider 72

۶۔Bing ویب ماسٹر ٹولز 73

۷۔ گوگل لائٹ ہاؤس 73

گوگل لائٹ ہاوس SEO آڈٹ کے دوران سافٹ ویئر مندرجہ ذیل چیزوں کا جائزہ لیتا ہے: 73

۸۔ پیج سپیڈ ٹول 74

۹۔SERranking ویب سائٹ کا آڈٹ 74

۱۰۔ ایس ای او اینالائزر 75

ایس ای او کے دس بہترین کورسز سرٹیفکیٹ کے ساتھ 76

1۔ کسٹمر کو متوجہ اور مشغول کرنا۔(گوگل کا کورس) 77

2۔ سرچ انجن (گوگل کورس) 78

3۔ سرچ کے ساتھ دریافت کرنا (گوگل کورس) 79

4. Make Search Work For You (Google) 79

5۔ ایس ای او سٹارٹر گائیڈ (گوگل کورس) 80

6۔ ایس ای او کا مکمل کورس (Reliable soft) اکیڈمی کا کورس 80

7۔ گوگل ایس ای او کے بنیادی اصول (UC Davis university) 81

8۔ گوگل SEO کا تعارف (کورسیرا) 82

9۔ گوگل SEO ٹریننگ ماسٹر کلاس (Udemy) 83

10۔ رینکنگ بذریعہ ایس ای او 84

ٹیکنیکل ایس ای او کے 7 بہترین کورسز 86

ٹیکنیکل SEO کیا ہے؟ 86

ا۔ ڈی جی سکلز فری ایس ای او کورس 86

کورس دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔ 86

۲۔ ٹیکنیکل ایس ای او فری اردو کورس 86

3۔ ٹیکنیکل ایس ای او فل کورس 87

۴۔ ٹیکنیکل ایس ای او ٹریننگ (یوسٹ اکیڈمی) 88

اس کورس میں مندرجہ ذیل امور سکھائے گئے ہیں: 88

اس میں درج ذیل ماڈیولز شامل ہیں: 88

۵۔ ٹیکنیکل ایس ای او (SEMRush) 89

۶۔ ٹیکنیکل ایس ای او کورس (سی ایکس ایل انسٹیٹیوٹ) 89

۷۔ الٹیمیٹ ایس ای او ٹریننگ (Udemy) 90

ایس ای او ماہر بننے کے لیے 10 ضروری مہارتیں

(سید عبد الوہاب شاہ)

اگر آپ SEO شروع کرنا چاہتے ہیں، تو پہلا قدم یہ معلوم کرنا ہے کہ SEO کی 10 چیزیں کیا ہیں جن کو سیکھنا ضروری ہے۔ اگر آپ ان دس چیزوں میں مہارت حاصل کر لیتے ہیں تو آپ SEO کا کام کر سکتے ہیں اور اپنے تجربے کو بڑھا کر اس مہارت سے پیسے کما سکتے ہیں۔

1۔ کی ورڈ ریسرچ کی مہارت

ایس ای او ماہر بننے کے لیے اپنے اندر مطلوبہ الفاظ کی تحقیق کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ضروری ہے۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو ویب سائٹ کے مقاصد سے ملتے جلتے ہیں۔ مثلاً آپ کی ویب سائٹ پراپرٹی سے متعلق ہے تو آپ کو اس فیلڈ میں استعمال ہونے والے الفاظ کا علم ہونا چاہیے۔ اور انہیں الفاظ کو مختلف انداز سے آپ نے ویب سائٹ کے پیراگراف کیٹگریز اور ٹیگز میں استعمال کرنا ہے۔

یہ سب کرنے کا مقصد یہ ہے کہ گوگل سمیت کوئی بھی سرچ انجن جب پراپرٹی سے متعلق تلاش شروع کرے تو آپ کے صفحات اوپر رہیں یا سرچ میں فوراً سامنے آ جائیں۔

2۔ ایس ای او کی ٹیکنکل مہارتیں

SEO میں کچھ تکنیکی چیزیں ہیں جن کا جاننا بھی ضروری ہے۔ مثال کے طور پر، مختلف صفحات کے لیے ویب سائٹ کے نقشے، یو آر ایل، اور ان یو آر ایل میں کلیدی الفاظ شامل کرنے کا طریقہ جو آپ کے صفحہ کے موضوع سے متعلق ہوں۔

چند ایک مزید چیزیں ہیں جنہیں جاننا نہایت ہی ضروری ہے۔

ویب سائٹ پر خراب اور ٹوٹے ہوئے لنکس کو ہٹانا۔

آپ کی ویب سائٹ کا XML سائٹ میپ۔

بنیادی HTML اور CSS مہارتوں کا ہونا۔

پیج ٹیگز کو بہتر بنانا

اسکیما مارک اپ

میٹا ڈیٹا کا انتظام۔

اپنی SEO کی مہارت کو بہتر بنانے کے لیے گوگل کی جانب سے اس گائیڈ کو ضرور دیکھیں۔

https://developers.google.com/search/docs/beginner/seo-starter-guide

3۔ گوگل سرچ کنسول کی مہارت

ایس ای او میں مہارت پیدا کرنے کے لیے تیسری چیز گوگل سرچ کنسول کو جاننا ہے۔

گوگل سرچ کنسول ایک مفت ٹول ہے جو گوگل کی طرف سے دیا گیا ہے۔ اس ٹول کی مدد سے آپ اپنی ویب سائٹ کی کارکردگی بہتر سے بہتر بناسکتے ہیں اور اپنی ویب سائٹ میں موجود کمزوریوں پر نظر رکھ سکتے ہیں۔

اس ٹول سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنی ویب سائٹ کو گوگل سرچ کنسول کے ساتھ منسلک کرنا ہوتا ہے۔ اور ویب سائٹ کو سرچ کنسول سے جوڑنے کا طریقہ جاننا ایس ای او ماسٹر بننے کے لیے ضروری ہے۔

سرچ کنسول آپ کی ویب سائٹ کی کارکردگی علاقے کے لحاظ سے بھی بتاتا ہے کہ کس علاقے اور کس ملک میں آپ کی ویب سائٹ کی کیا کارکردگی ہے۔

سرچ کنسول لائیو وزٹر کی معلومات بھی بتاتا ہے۔

سرچ کنسول کرال کی خرابیوں کے بارے بھی بتاتا ہے۔

4۔ گوگل اینالائیسٹک کی مہارت

گوگل اینالائیسٹک بھی گوگل کی طرف سے فراہم کیا جانے والا ایک مفت ٹول ہے جس کی مدد سے آپ اپنی ویب سائٹ کا باریک بینی سے تجزیہ کر سکتے ہیں۔

گوگل اینالائیسٹک آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کی ویب سائٹ پر ٹریفک کب آرہی ہے، کہاں سے آرہی ہے، کس ریفرنس سے آرہی ہے، کس ٹائم آرہی ہے، کون لوگ آپ کی ویب سائٹ کو دیکھتے ہیں، ان کی عمریں کیا ہیں، ان کی جنس کیا ہے، ان کی لینگو یج کیا ہے، کس ڈیوائس پر آپ کی ویب سائٹ زیادہ دیکھی جاتی ہے، آپ کی ویب سائٹ کے کون سے صفحات زیادہ دیکھے جارہے ہیں۔

5۔ لنک بنانے کی مہارت

ایس ای او میں مہارت حاصل کرنے کے لیے لنک بنانے کی مہارت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ گوگل کا الگورتھم لنک بلڈنگ کے ذریعے اچھی ویب سائٹس تک پہنچتا ہے۔

لنک بنانے سے مراد یہ ہے کہ آپ کی ویب سائٹ پر دوسری بڑی ویب سائٹس کے لنک ہونے چاہیئے، اسی طرح دوسری ویب سائٹس پر آپ کی ویب سائٹس کے لنک ہونے چاہیے۔ اسی طرح آپ کے ایک صفحے پر آپ کے ہی دوسرے صفحات کے لنک بھی ہونے چاہیے۔ چنانچہ ایس ای او ماہر اپنے صفحات میں الفاظ کو اچھی ویب سائٹس کے ساتھ لنک کرتا ہے۔

لیکن یہاں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ گوگل کی لنک بلڈنگ گائیڈ لائنز کی خلاف ورزی نہ کی جائے

6۔ آن پیج ایس ای او

آن پیج ایس ای او کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنی ویب سائٹ کے صفحے پر کچھ ایسی سیٹنگز کریں جس سے وزٹر کو سہولت ملے، اسے کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

مثلاً آپ عنوانات کا استعمال کریں، تاکہ وزٹر فوراً اس چیز تک پہنچ جائے جس کی تلاش میں وہ آپ کے پیج پر آیا ہے، اس طرح وزٹر کا ٹائم بھی بچے گا اور وہ خوش بھی ہو گا۔

آن پیج ایس ای او میں دوسری اہم چیز میٹاڈ سکرپشن ہے۔ یعنی آپ کی ویب سائٹ اور پیجز کی میٹاڈ سکرپشن ہونی چاہیے جسے گوگل سرچ رزلٹ میں دکھائے گا۔ اس کا فائدہ وزٹر کو یہ ہو گا کہ وہ اپنی تلاش کے مطابق درست لنک پر کلک کر کے اپنے مطلوبہ صفحے تک فوراً پہنچ جائے گا۔

چونکہ گوگل خود لوگوں کو درست صفحات تک پہنچنے میں مدد دیتا ہے، اس لیے اگر آپ کے پیج کی آن پیج ایس ای او بہتر ہو گی تو آپ کا پیج فوراً گوگل میں رینک کرے گا۔

7۔ موبائل پیج ایس ای او

آج کے دور میں ہر کسی کے ہاتھ میں موبائل فون ہے۔ اور تقریباً اسی فیصد سے زیادہ لوگ موبائل پر ہی سب کچھ دیکھتے اور سرچ کرتے ہیں۔ لوگ موبائل پر سرچ کرتے ہوئے تیزی سے لوڈ ہونے والے صفحات، مختصر مگر جامع الفاظ میں بتائی گئی بات کو پسند کرتے ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں جن کے لیے موبائل ایس ای او کو جاننا نہایت ضروری ہے۔ موبائل ایس ای او ڈسک ٹاپ ایس ای او سے ذرا مختلف ہے۔

کیونکہ موبائل پر سرچ رزلٹ ڈسک ٹاپ سے ذرا مختلف ہوتے ہیں، یہ اختلاف علاقے، موبائل ڈیوائسز، انٹرنیٹ سپیڈ اور دیگر عوامل کی وجہ سے ہوتا ہے۔

موبائل ایس ای او مہارت پیدا کرنے کے لیے گوگل گائیڈ سے مدد لی جاسکتی ہے۔

https://developers.google.com/search/mobile-sites/get-started

8۔ لوکل ایس ای او کی مہارت

لوکل ایس ای او دراصل ایس ای او کا ایک ذیلی سیٹ اپ ہے۔ لوکل ایس ای او کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا کاروبار، یا ویب سائٹ کسی لوکل چیز سے متعلق ہے، یعنی وہ کوئی خاص جگہ ہے، مثلاً دکان ہے، دفتر ہے، کسی خاص علاقے کے ساتھ خاص ہے۔ تو پھر آپ کو اس طرح کی ایس ای او تکنیک اختیار کرنی ہوتی ہیں کہ گوگل سرچ میں آپ کا ڈیٹا ساری تفصیلات کے ساتھ آپ کو ظاہر کرے۔

اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنے صفحات پر تمام تر تفصیلات بھی درج کرنی ہوتی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ گوگل کے ایک فری ٹول گوگل بزنس اور گوگل میپ سے مدد حاصل کرنی ہوتی ہے۔

گوگل بزنس پر آپ اپناڈیٹااور تفصیلات درج کر کے اسے ویب سائٹ کے ساتھ لنک کر دیتے ہیں۔اس طرح گوگل اپنے رزلٹ میں پوری تفصیل کے ساتھ ایک نئے ڈیزائن میں آپ کے کاروبار کو دکھاتا ہے، جس میں آپ کا ایڈریس، فون نمبر، ویب سائٹ، اور گوگل میپ کی تفصیلا درج ہوتی ہے۔

9۔سی آر او

CRO۔(Conversion Rate Optimization) یعنی آپ کی ویب سائٹ کا جو گول ہے اس کو نہ صرف حاصل کرنا بلکہ اس میں اضافہ کرنا۔

جب آپ ویب سائٹ بناتے ہیں تو اس کا کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے۔ مثلا آپ کوئی چیز فروخت کرنا چاہتے ہیں۔پہلے تو آپ کو ویب سائٹ پر ٹریفک لانی ہوتی ہے، پھر جب ٹریفک آنا شروع ہو جائے تو اب یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ کتنے لوگ خریداری کر رہے ہیں؟ مثلا ایک سو وزٹر آئے اور صرف دو لوگوں نے خریداری کی تو اس کا مطلب ہے آپ کا سی آر او دو فیصد ہے۔

اور اگر ایک ہزار وزٹر آئے اور صرف بیس لوگوں نے خریداری کی تو تب بھی آپ کا سی آر او دو فیصد ہی ہے۔

اس پرسنٹیج میں اضافہ کرنے کو ہی سی آر او کہتے ہیں۔

اس مقصد کے حصول کے لیے کیا کیا تکنیک اختیار کرنی چاہیے ان باتوں کا علم ہونا ایس ای او ماسٹر کے لیے نہایت ہی ضروری ہے۔ کیونکہ آپ ٹریفک تو لا رہے ہیں لیکن ٹریفک لانے کا مقصد حاصل نہیں ہو رہا تو پھر کوئی فائدہ نہیں۔

فائدہ

سی آر او کے لیے مندرجہ ذیل چیزیں نہایت ہی ضروری ہیں:

١. کال ٹو ایکشن، یا سائن اپ، یا بائے نو بٹن

٢۔ اے بی ٹیسٹنگ۔اے بی ٹیسٹنگ کا مطلب ہے آپ دو یا تین طرح کے پیجز بنائیں اور ان کو ٹیسٹ کریں کس پیج سے سی آر او میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مثلا ایک پیج پر دس فیصد ڈسکاونٹ، دوسرے پر پندرہ فیصد ڈسکاونٹ۔ایک پیج کا ڈیزائن دوسرے پیج سے مختلف ہو۔ایک پیج پر ایک طرح کی تصاویر، اور دوسرے پیج پر دوسری طرح کی تصاویر وغیرہ

10۔ایس ای اوماسٹر ٹولز

ایس ای اوماہر بننے کے لیے ان ضروری ٹولز کا جاننا بھی ضروری ہے جو آپ کی ویب سائٹ کی ایس ای او کو بہتر بنانے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔

مثلا

اہر فس ویب ماسٹر ٹول

https://ahrefs.com/webmaster-tools

سیمر ش ٹول

/https://www.semrush.com

موز ایس ای اوٹول

/https://moz.com

چیختا ہوا مینڈک

/https://www.screamingfrog.co.uk/seo-spider

دیگر مہارتیں

ان دس مہارتوں کے علاوہ بھی کچھ ایسی چیزیں ہیں جو ایس ای او منیجر میں ہونا ضروری ہیں۔

۱۔ تنقیدی سوچ

یعنی آپ کی تنقیدی سوچ ہونی چاہیے، آپ ہر چیز کو تنقیدی نظر سے دیکھیں اور ان کا تجزیہ کریں، پھر اس کا حل تلاش کریں۔

۲۔ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی مہارتیں

یعنی میڈیا اور سوشل میڈیا پر کسی بھی چیز کی مارکیٹنگ کیسے کی جاتی ہے، اور کہاں کہاں کی جاسکتی ہے۔

۳۔ کمیونیکیشن کی مہارتیں

آپ کی اچھی کمیونیکیشن یعنی گفتگو آپ کے گول کو حاصل کرنے میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ اگر آپ اچھی گفتگو کر سکتے ہیں تو مٹی کو بھی بیچ سکتے ہیں۔

٤۔ پروجیکٹ منیجمنٹ مہارت

آپ کا جو پروجیکٹ ہے اسے منظم کرنا یہ بھی نہایت ضروری ہے تاکہ کم وقت، کم سرمائے سے آپ زیادہ سے زیادہ گول حاصل کر سکیں۔ اگر آپ کا کام منظم نہیں ہو گا تو وقت بھی ضائع ہو گا اور سرمایہ بھی ضائع ہو گا۔

خلاصہ

ایس ای او ایک مسلسل سیکھنے والا عمل ہے، ایک دن میں کوئی بھی ماہر نہیں بن سکتا۔ وقت کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی ترقی کرتی رہتی ہے، گوگل یوٹیوب فیس بک سمیت انٹرنیٹ کے الگورتھم تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اس لیے یہ سیکھنے کا عمل ہمیشہ جاری رہتا ہے۔

آن پیج ایس ای او کیا ہے؟؟

(سید عبدالوہاب شاہ)

اپنے ویب پیج کو گوگل سرچ میں اوپر لانے کے لیے آن پیج ایس ای او(On-Page SEO) کی بہت اہمیت ہے۔ اگر آپ نے ویب سائٹ بنائی ہے تو کسی مقصد کے لیے بنائی ہے، اور وہ مقصد حاصل کرنے کے لیے آپ کو ویب ٹریفک کی ضرورت ہے، اگر ٹریفک نہیں تو آپ کو مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور ٹریفک حاصل کرنے کے لیے آپ کو پوسٹ کرتے وقت صفحے پر کچھ ایسی تکنیک اختیار کرنی ہوتی ہیں تا کہ گوگل کو آپ کا پیج تلاش کرنے میں آسانی ہو۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ بہتر ہو گا کہ گوگل آپ کے پیج کو سب سے اوپر لانے پر مجبور ہو جائے۔ جہاں تک تلاش کا تعلق ہے تو گوگل تلاش تو کر لیتا ہے لیکن سب سے اوپر اس پیج کو لاتا ہے جو سب سے بہتر ہو۔ یعنی سرچ کرنے والے کے سوال کے جواب میں جو پیج سب سے بہتر ہو گا گوگل اسی کو سب سے اوپر لائے گا۔

آج کے اس مضمون میں آپ کو بتایا جائے گا کہ کیسے آپ اپنے پیج کی ایس ای او بہتر کر سکتے ہیں۔

آن پیج ایس ای او کیا ہے؟

آن پیج ایس ای او اپنے ویب صفحے کے مواد کو سرچ انجن کے لیے بہتر بنانے کو کہتے ہیں۔ یعنی آپ اپنے مواد کو ان قوانین کے مطابق بنائیں جو گوگل نے اپنے سرچ سسٹم میں انسٹال کر رکھے ہیں۔ کیونکہ آپ کا مواد اگر گوگل کے ان قوانین کے مطابق نہیں ہو گا تو گوگل آپ کے مواد کے بجائے کسی اور کے مواد کو تلاش کرنے والے کے سامنے پیش کر دے گا۔

اسے آن پیج اس لیے کہتے ہیں کہ یہ تکنیک آپ اپنے پیج پر اختیار کرتے ہیں۔ جبکہ آف پیج ایس ای او آپ کے پیج سے باہر کی جانے والی کوششوں کو کہا جاتا ہے۔

آن پیج ایس ای او کیوں ضروری ہے؟

جیسا کہ میں نے بتایا کہ یہ اس لیے ضروری ہے کہ گوگل کو آپ کا مواد پہچاننے میں آسانی ہو، اور وہ جان سکے کہ واقعی آپ کا مواد تلاش کرنے والے کی ضرورت کو پورا کر سکتا ہے۔ تا کہ گوگل اسے تلاش کرنے والے کے سامنے پیش کرے۔

آن پیج ایس ای او دراصل کچھ ایسے اشارے ہوتے ہیں جو گوگل کی طرف جا رہے ہوتے ہیں، اور گوگل ان اشاروں کو سرچ کے الفاظ کے ساتھ ملا کر چیک کرتا ہے۔

ہائی رینکنگ کے لیے 10 آن پیج ایس ای او تکنیک

1. جو مواد آپ شائع کر رہے ہیں وہ اعلیٰ معیار کا ہونا چاہیے۔
2. مواد کا ٹائٹل اور میٹاڈسکرپشن بہتر سے بہتر لکھیں۔
3. عنوانات اور پیراگراف کی اچھی فارمیٹنگ کریں۔
4. جو تصاویر اور ملٹی میڈیا اپلوڈ کریں ان کی بھی ایس ای او کریں۔
5. صفحہ کے یو آر ایل میں بھی وہی الفاظ شامل کریں جو آپ کے ٹائٹل کے ہیں۔
6. اندرونی لنکس دیں۔
7. بیرونی لنکس دیں۔
8. صفحہ کے لوڈ ہونے کی رفتار کا خیال رکھیں۔
9. ویب سائٹ موبائل فرینڈلی ہونی چاہیے۔
10. لوگوں کو راغب کریں وہ آپ کے مضمون پر کمنٹ کریں۔

۱۔ اعلی معیار کا مواد

مواد کے اعلی معیار میں مندرجہ ذیل باتیں شامل ہیں:

1. متن، تصاویر، ویڈیوز، پرزنٹیشن، فارمیٹنگ، تحقیق، حوالہ جات وغیرہ۔
2. ایسا مواد جو پہلے کسی اور ویب سائٹ پر شائع ہو چکا ہے، حتی کہ اگرچہ وہ آپ کا اپنا ہی ہو، اسے شائع کرنا اچھا نہیں ہے۔
3. آپ کا مواد ویڈیوز یا تصاویر کی صورت ہے تو اس کے ساتھ بھی کچھ نہ کچھ تحری ضرور لکھیں۔
4. جو مواد آپ پبلش کر رہے ہیں وہ تحقیق شدہ ہونا چاہیے۔

۲۔ مواد کا ٹائٹل اور میٹاڈسکرپشن بہتر سے بہتر لکھیں۔

1. پیج کا عنوان یا مواد کا عنوان ایس ای او کے عوامل میں سے ایک اہم عمل ہے۔
2. عنوان لکھتے وقت ایسے الفاظ استعمال کریں جن سے پورے مضمون کے موضوع کی طرف اشارہ ہو رہا ہو۔
3. عنوان اور ٹائٹل مختصر رکھیں، زیادہ لمبا ٹائٹل پسند نہیں کیا جاتا۔

4. ٹائٹل میں طاقتور اور متوجہ کرنے والے الفاظ استعمال کریں، اور نمبرز کا استعمال کریں، مثلا: پیسہ کمانے کے دس آسان طریقے
5. پیج کی ڈسکرپشن آپ الگ سے خود بھی ۲۰۰ الفاظ میں لکھ سکتے ہیں لیکن گوگل اسی کو دکھانے کا پابند نہیں، گوگل اکثر آپ کے پورے آرٹیکل میں سے سرچ کے الفاظ سے ملتی جلتی دو لائنیں اٹھا کر لوگوں کو دکھادیتا ہے۔

۳۔ عنوانات اور پیراگراف کی اچھی فارمیٹنگ کریں۔

1. اپنے پیج کو اچھا ٹائٹل دیں، پھر مواد کو عنوان دیں جو ایچ ۱ ہونا چاہیے۔ پھر ایچ ۲، ایچ ۳ وغیرہ یعنی ٹائٹل، ذیلی ٹائٹل۔
2. اسی طرح پیراگراف کی فارمیٹنگ اچھی کریں، یعنی کومہ، فل سٹاپ وغیرہ کا خیال رکھیں۔
3. آرٹیکل کو محض صفحے پر پھینک نہ دیں بلکہ اس کو خوب سنواریں۔ جن الفاظ کو نمایاں کرنا ہو انہیں بولڈ کریں، ترچھا کریں۔
4. فونٹ کا سائز ١٤ پکسل رکھیں۔
5. مواد کو تین چار لائنوں کے پیراگراف میں تقسیم کریں تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو۔

٤۔ جو تصاویر اور ملٹی میڈیا اپلوڈ کریں ان کی بھی ایس ای او کریں۔

- تصاویر کی ایس ای او سے مراد یہ ہے کہ تصاویر کے نام میں بھی وہی الفاظ استعمال کریں جو آپ کے مضمون کا ٹائٹل ہیں، یا جس بارے میں تصویر ہے۔ تصویر کا نام اس طرح نہیں ہونا چاہیے مثلا: امیج ١
- تصاویر کو چونکہ سرچ انجن نہیں جانتا اس لیے ان کا نام رکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح تصویر کے ساتھ بھی چند الفاظ میں تصویر کی وضاحت کریں۔ یعنی ان کا نام اور ڈسکرپشن بھی موضوع اور ٹائٹل کے مطابق ہو۔
- تصاویر کی فارمیٹنگ بھی کریں، انہیں ریسائز کریں، ان کا سائز کم بائٹ میں رکھیں تاکہ لوڈ ہونے میں مشکل نہ ہو۔

٥۔ یو آر ایل کی سیٹنگ

- اپنے یو آر ایل کو بھی ٹائٹل یا موضوع کے مطابق بنائیں اور کم سے کم یو آر ایل رکھیں۔
- اپنے مواد کی کیٹگریز میں تقسیم کریں، پھر ذیلی کیٹگریز بنائیں۔ اس سے متعلقہ مواد تلاش کرنے میں گوگل اور صارف دونوں کو آسانی ہوتی ہے۔

٦۔اندرونی لنکس دیں

- آپ کے مضمون میں اندرونی لنکس ہونے چاہیے،یعنی موقع کی مناسبت سے جہاں چاہیں اپنے ہی کسی دوسرے صفحے یا مضمون کا لنک ایڈ کریں،ورنہ جو وزٹر آئے گا اس مضمون کو پڑھ کر چلا جائے گا۔
- اندرونی لنکس دینے سے گوگل کو بھی ہیلپ ملتی ہے اور وہ ان صفحات کو بھی نمایاں کرتا ہے جن کے آپ نے لنک دیے ہوئے ہیں۔
- اس طرح کرنے سے گوگل یہ سمجھتا ہے کہ یہ صفحات بھی اہم صفحات ہیں۔
- اندرونی لنک آپ خود بھی شامل کرسکتے ہیں اور اس کے لیے انٹرنل لنک نامی پلگ ان بھی دستیاب ہے۔

۷۔بیرونی لنکس دیں

- یعنی اپنے صفحے پر کسی اور ویب سائٹ کا لنک دیں، یہ بطور حوالہ بھی ہوسکتا ہے اور ویسے بھی۔یہی لنک اس دوسرے شخص کی ویب سائٹ کے لیے بیک لنک کہلاتا ہے جس کی ایس ای او میں بہت اہمیت ہے۔ آپ سوچ رہے ہوں گے اس کا ہمیں کیا فائدہ ہے؟
- بیرونی لنک دینے سے گوگل یہ سمجھتا ہے کہ یہ واقعی تحقیقی مواد ہے جس میں بیرونی حوالے بھی دیے ہوئے ہیں، اسی طرح پڑھنے والا بھی آپ پر اعتماد کرتا ہے کہ یہ گفتگو باحوالہ ہورہی ہے۔
- اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ آپ نے جس کا لنک دیا ہے آپ اسے بھی بتاسکتے ہیں کہ میں نے آپ کو بیک لنک دیا ہے آپ بھی مجھے دے دیں، ممکن ہے وہ آپ پر ترس کھا کر آپ کو بیک لنک دے ہی دے۔

بیرونی لنک دیتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں۔

1. بطور حوالہ درست اور بااعتماد سائٹ کا لنک دیں۔
2. اس بات کا خیال رکھیں کہ پڑھنے والے کو واقعی اس لنک سے فائدہ ہوگا۔
3. اگر بطور حوالہ کسی ایسی ویب سائٹ کا لنک دینا ضروری ہو جن پر آپ کو اعتماد نہیں ہے تو نوفالو کا ٹیگ استعمال کریں۔

۸۔ صفحہ لوڈ ہونے کی رفتار

گوگل ویب کو تیز ترین بنانے کے لیے بہت پیسہ خرچ کر رہا ہے، اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے گوگل نے رینکنگ کے عوامل میں ویب سائٹ کی رفتار کو بھی شامل کیا ہوا ہے۔ اس مقصد یہ ہے کہ ہر ویب سائٹ مالک رینکنگ حاصل کرنے کے لیے خود ہی اپنی ویب سائٹ کی رفتار کو تیز کرنے کی کوشش کرے۔

ویب سائٹ کے لوڈ ہونے کی رفتار کا تعلق صرف رینکنگ سے نہیں، بلکہ آپ کا وزٹر بھی سست ویب سائٹ کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے، اس لیے ویب ماسٹر کو اس مسئلے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

۹۔ موبائل فرینڈلی ویب سائٹ

۶۰ فیصد سرچز موبائل سے آ رہی ہیں۔ اس کا مطلب ہے اگر آپ کی ویب سائٹ موبائل فرینڈلی نہیں ہے تو ہر سو میں سے ۶۰ وزٹر آپ کھو رہے ہیں۔

۱۰۔ کمنٹ اور تبصرے

عام خیال یہی ہے کہ فیس بک سمیت دیگر سوشل میڈیا ویب سائٹ کی موجودگی میں اب کون ہے جو بلاگ اور آرٹیکلز کے کمنٹ پڑھتا ہو گا؟ یہ خیال غلط ہے، اب بھی لوگ آرٹیکلز کے نیچے کمنٹس لکھتے بھی ہیں اور پڑھتے بھی ہیں۔

جب کوئی شخص کمنٹ لکھتا ہے تو وہ پہلے سے موجود کمنٹس کو پڑھتا بھی ہے جس سے اس کا زیادہ وقت آپ کی ویب سائٹ پر گزرتا ہے۔

اس لیے لوگوں کو اس طرف راغب کرنا چاہیے کہ وہ کمنٹ کریں۔

آن پیج ایس ای او زیادہ اہم ہے یا آف پیج ایس ای او؟

کسی بھی ویب سائٹ کے لیے آن پیج ایس ای او اور آف پیج ایس ای او دونوں ہی اہم ہیں، لیکن ان دونوں میں سے آن پیج ایس ای او زیادہ اہم ہے۔ کیونکہ آف پیج ایس ای او صرف ٹریفک لاتی ہے، اگر ٹریفک آ جائے اور آپ کی آن پیج ایس ای او نہیں ہے مواد بکھرا پڑا ہے، منظم نہیں ہے، تو پھر وہ ٹریفک بھاگ جائے گی اور آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔

آرٹیکل کا خلاصہ

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ آن پیج SEO اور آف پیج SEO کے درمیان فرق کو سمجھتے ہیں۔

یقینی بنائیں کہ آپ کا مواد اصلی، مفید اور اچھی طرح سے تحقیق شدہ ہے۔

مطلوبہ الفاظ، طاقتور الفاظ اور نمبرز شامل کر کے اپنے صفحہ کے عنوانات کا جائزہ لیں اور ان کو بہتر بنائیں۔

اپنے صفحہ کے لیے بہترین ڈسکرپشن لکھیں۔

آپ کے صفحہ پر ایک ایچ ۱ لازمی ہونا چاہیے۔

اپنے مواد کی اچھی طرح فارمیٹنگ کریں۔ پیراگراف، بلوڈ، اٹالک، کومہ، فل سٹاپ وغیرہ

یو آر ایل مختصر اور موضوع کے الفاظ پر مشتمل ہو۔

اندرونی اور بیرونی لنکس شامل کریں۔

موبائل فرینڈلی تھیم استعمال کریں۔

کمنٹس کے جواب دیں اور شکریہ ادا کریں۔

آف پیج ایس ای او کیا ہے

(سید عبد الوہاب شاہ)

آف پیج ایس ای او اور آن پیج ایس ای او میں یہ فرق ہے کہ آن پیج ایس ای او وہ ہوتی ہے جو آپ اپنے پیج پر کرتے ہیں اور وہ آپ کے کنٹرول میں ہوتی ہے۔

جبکہ آف پیج ایس ای او وہ ہوتی ہے جو پیج سے باہر ہوتی ہے اور مکمل آپ کے کنٹرول میں نہیں ہوتی۔ آف پیج ایس ای او کا اہم عنصر وہ لنکس ہیں جو دوسرے لوگ اپنی اپنی ویب سائٹ پر لگاتے ہیں۔ یعنی آپ کی ویب سائٹ کے لنک جب دوسرے لوگ حوالے کے طور پر اپنی اپنی ویب سائٹ پر دیتے ہیں تو یہ آف پیج ایس ای او ہے۔

اس کام کو کچھ لوگ مصنوعی طریقے سے کرتے ہیں۔ یعنی خود ہی دوسری ویب سائٹس پر اپنی ویب سائٹ کے لنک بناتے ہیں، یا ریکوسٹ کرتے ہیں۔ اس مصنوعی طریقے سے پہلے بہت فائدہ ہوتا تھا لیکن اب گوگل کا الگورتھم بہت سمجھدار ہو چکا ہے اور وہ اس طرح کے مصنوعی کام کو پہچان لیتا ہے، جس سے فائدہ کے بجائے الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔

اب تو گوگل الگورتھم لائک اور شیئرز کو بھی اہمیت نہیں دیتا۔ اس لیے آف پیج ایس ای او کے لیے ہمیں بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ کاپی پیسٹ سے کام نہیں چلنے والا۔ اس لیے بہت محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ کسی بھی موضوع پر لکھیں تو پوری تحقیق سے یونیک قسم کی تحریر لکھیں تاکہ دوسرے لوگ خود آپ کی ویب سائٹ کا لنک بطور حوالہ کے اپنی ویب سائٹ پر استعمال کریں۔ یہی اصل طریقہ ہے لیکن یہاں تک پہنچنے میں کئی مہینے یا سال بھی لگ سکتے ہیں۔

یہاں ہم چند مزید طریقے بھی بتا دیتے ہیں جنہیں آپ اختیار کر سکتے ہیں:

1۔ لنکس حاصل کرنے کے لیے آپ کی تحریر اور مواد نہایت موثر ہونا چاہیے۔ آپ کی تحریر جتنی موثر ہو گی، اتنے ہی زیادہ لوگ اسے بطور حوالہ اپنی ویب سائٹ میں استعمال کریں گے۔

2۔ دوسری ویب سائٹس پر آپ لکھیں اور وہاں بطور حوالہ اپنی ویب سائٹ کا لنک دیں۔ اکثر لوگ ایسا کرتے ہیں اور پہلے اس سے بہت فائدہ بھی ہوتا تھا لیکن اب گوگل ایسی پوسٹس میں دیے گئے لنک کو اتنی ترجیح نہیں دیتا لیکن پھر بھی جہاں آپ لنک پوسٹ کر رہے ہیں وہ ویب سائٹ اگر طاقتور ویب سائٹ ہے تو آپ کو بھی فائدہ ہو گا۔

3۔ لنکس دینے کی درخواست

کچھ لوگ یہ طریقہ اختیار کرتے ہیں کہ بڑی بڑی ویب سائٹس کے مالکان کو ای میل کر کے اپیل کرتے ہیں کہ: برائے مہربانی آپ میری ویب سائٹ کا لنک اپنی کسی پوسٹ میں دے دیں۔

اس طرح کی درخواستوں کو عام طور پر رد ہی کر دیا جاتا ہے، لیکن کوشش کرنے میں کوئی حرج نہیں شاید آپ کی پچاس درخواستوں میں سے دو چار قبول کر لی جائیں۔

4۔ کچھ لوگ ایسا کرتے ہیں کہ اپنی ویب سائٹ پر دوسروں کی ویب سائٹ کا لنک دیتے ہیں اور پھر اس ویب سائٹ کے مالک کو اطلاع دیتے ہیں کہ ہم نے آپ کا لنک اپنی ویب سائٹ پر دیا ہے، آپ بھی ہمارا لنک اپنی ویب سائٹ پر دیں۔

5۔ سوشل میڈیا کے ذریعہ لنک بنانا

اگرچہ گوگل کے نظر میں سوشل میڈیا پر لنک پوسٹنگ سے آپ کی رینکنگ میں اضافہ نہیں ہوتا کیونکہ سوشل میڈیا کے تمام لنک نو فالو لنک ہوتے ہیں، جس کا مطلب ہے سرچ انجن اسے نظر انداز کر دیتا ہے۔ لیکن پھر بھی سوشل میڈیا پر شیئرنگ فائدے سے خالی نہیں، نئی ویب سائٹ پر ٹریفک لانے کے لیے سوشل میڈیا سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔


آپ کی ویب سائٹ کی رینکنگ کو وہ کمنٹس بھی فائدہ دیتے ہیں جو دوسرے لوگ آپ کی تحریر، پروڈکٹ، یا سروس کے بارے میں کرتے ہیں، خاص طور پر اگر یہ کمنٹس Google Business، yelp، اور Trustpilot پر ہوں۔

آرگینک سرچ کیا ہے؟

(سید عبدالوہاب شیرازی)

آپ آن لائن کوئی بھی کاروبار کررہے ہیں، یا آپ کی ویب سائٹ ہے اور اس پر آپ نے اپنی پروڈکٹس لگائی ہوئی ہیں، صرف اتنا کام کرنے سے آپ کا کاروبار نہیں چلتا بلکہ آپ کو اس کی مارکیٹنگ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مارکیٹنگ پیسے دے کر اشتہار چلانے سے بھی ہوتی ہے اور بغیر پیسے دیے اچھی ایس ای او کرنے سے بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ ٹریفک جو بغیر پیسے دیے محض سرچ رزلٹ سے آپ کی ویب سائٹ پر آتی ہے اسے آرگینک سرچ ٹریفک کہا جاتا ہے۔

اسے بہتر طور پر سمجھنے کے لیے نیچے دی گئی تصویر پر غور کریں۔



جب آپ گوگل میں کوئی چیز سرچ کرتے ہیں تو سب سے اوپر پہلا لنک عام طور پر اشتہاری لنک ہوتا ہے، جس کے ساتھ باریک سا (ایڈ) لکھا ہوتا ہے۔ یہ اشتہاری لنک کبھی ایک کبھی دو تین بھی ہوتے ہیں۔ پھر اس کے بعد والے لنک رینکنگ کی بنیاد پر ترتیب سے آرہے ہوتے ہیں۔ انہیں لنکس کو آرگینک سرچ کہا جاتا ہے۔

اپنی ویب سائٹ پر زیادہ ٹریفک لانے کے لیے ان لنکس میں ٹاپ پر جگہ حاصل کرنا بہت ضروری ہے، اور ان لنکس سے آنے والی ٹریفک سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

آرگینک سرچ اتنی اہم کیوں ہے؟

آرگینک سرچ سے آنے والی ٹریفک اس لیے اہم ہوتی ہے کہ اس طریقے سے آنے والا اپنی مرضی سے آتا ہے۔ اور وہ کسی چیز کی تلاش میں ڈھونڈتا ڈھونڈتا آتا ہے۔ اگر وہ آپ کی ویب سائٹ پر خود آیا ہے تو وہ آپ کے لیے بہت قیمتی ہے۔

آرگینک سرچ کے مقابلے میں سوشل میڈیا سے آنے والی ٹریفک کی اتنی اہمیت نہیں ہوتی، کیونکہ وہ آپ کے کنٹرول میں ہوتی ہے، آپ اپنے دوستوں سے لنک شیئر کرکے انہیں وزٹ کرنے کی درخواست بھی کرسکتے ہیں اور وہ اپنی ضرورت سے نہیں آتے، بلکہ آپ کی دوستی کا خیال رکھ کر بھی ویب سائٹ وزٹ کرلیتے ہیں، اس لیے گوگل کی نظر میں سوشل میڈیا ٹریفک کی اتنی زیادہ اہمیت نہیں ہے۔

آرگینک سرچ سے فائدہ اٹھانے کے لیے آپ کی ویب سائٹ کی ایس ای او اچھی ہونی چاہیے۔ آپ کی ویب سائٹ پر کچھ ایسا مواد ہونا چاہیے جسے لوگ تلاش کررہے ہیں اور وہ اس کی تلاش میں خود بخود یہاں آئیں۔



دی گئی تصویر سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پہلے لنک پر تیس فیصد لوگ کلک کرتے ہیں، دوسرے لنک پر پندرہ فیصد، تیسرے پر دس فیصد، چوتھے پر چھ فیصد اور پانچویں پر صرف پانچ فیصد لوگ کلک کرتے ہیں۔ اسی سے آپ کو اندازہ لگا لینا چاہیے کہ آپ کی ویب سائٹ کی رینکنگ کیا ہونی چاہیے۔

بامعاوضہ سرچ اور آرگینک سرچ میں فرق

بامعاوضہ سرچ گوگل ایڈز پروگرام میں پیسے دے کر اشتہارات کے ذریعے کرائی جاتی ہے، جبکہ آرگینک سرچ مفت میں گوگل کا الگروتھم رینکنگ کے حساب سے ترتیب دیتا ہے۔

بامعاوضہ سرچ اور آرگینک سرچ دونوں (SEM) یعنی سرچ انجن مارکیٹنگ کا حصہ ہیں۔

بامعاوضہ سرچ کا نظام بولی کے ذریعے کام کرتا ہے، جو جتنی زیادہ بولی لگاتا ہے اس کا اشتہار اوپر آتا ہے جو کم بولی لگاتا ہے اس کا اشتہار نیچے آتا ہے۔ اس نظام کو پی پی سی یعنی پے پر کلک کہا جاتا ہے۔ گوگل ایڈز پر اشتہار بنانے وقت آپ سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ پی پی سی کا کیا ریٹ رکھنا چاہتے ہیں، آپ جتنا زیادہ رکھیں گے اتنا ہی اچھا رزلٹ ملے گا۔

بامعاوضہ سرچ اور آرگینک سرچ میں ایک اور فرق یہ بھی ہے کہ بامعاوضہ سرچ کارزلٹ فوری ملتا ہے، جبکہ آرگینک سرچ کا رزلٹ آنے میں مہینے اور سال لگ جاتے ہیں۔

آرگینک سرچ کیسے حاصل کریں؟

جیسا کہ اوپر میں نے بتایا کہ آرگینک سرچ لوگوں کے گوگل پر سرچ کرنے کے جواب میں نظر آنے والے لنکس ہوتے ہیں، اور یہ مقام فوری نہیں ملتا بلکہ اس کے لیے کئی مہینے اور سال بھی لگ جاتے ہیں۔ لہذا آپ کی ویب سائٹ کی ایس ای او جتنی بہتر ہو گی اتنا ہی جلدی رزلٹ آنا شروع ہو جائے گا۔

ایس ای او تین طرح کی ہوتی ہے۔

۱۔ آن پیج ایس ای او

یعنی ویب سائٹ کے پیج پر کچھ ایسی سیٹنگز کرنا کہ گوگل سرچ میں آسانی سے آسکے۔

۲۔ آف پیج ایس ای او

یعنی اپنی ویب سائٹ کی پروموشن کرنا، دوسری ویب سائٹ پر اپنی ویب سائٹ کے لنکس دینا۔

۳۔ ٹیکنیکل ایس او

یعنی ویب سائٹ پر ٹیکنیکل خرابیوں کو دور کرنا اور خوبیوں کو پیدا کرنا۔

آرگینک سرچ کے لیے بہترین ایس ای او عوامل

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا مواد ٹائٹل، ذیلی ٹائٹل اور پیراگراف، نمبر، بریکٹ وغیرہ سے مرتب ہے۔

یقینی بنائیں کہ آپ کی ویب سائٹ تمام آلات، کمپیوٹر، ٹیب، موبائل پر درست طریقے سے لوڈ ہوتی ہے۔

ایسا مواد شائع کریں جسے لوگ تلاش بھی کر رہے ہیں اور آنے والے مطمئن بھی ہوتے ہیں۔

یاد رکھیں گوگل یا دوسری ویب سائٹ سے کاپی کر کے اپنی ویب سائٹ پر پیسٹ کرنے سے رینکنگ نہیں ملتی گوگل ایسے مواد کو نہایت ہی آسانی سے پہچان لیتا ہے۔ لہذا آپ کا مواد یونیک اور پہلے سے موجود مواد سے بہتر ہونا چاہیے۔

آرگینک سرچ حاصل کرنے کے لیے آپ کو لنک بلڈنگ کی بھی ضرورت ہے،یعنی دوسری اچھی اور معیاری ویب سائٹس پر آپ کی ویب سائٹ کے لنکس ہونے چاہیے۔

آرگینک سرچ حاصل کرنے کے لیے آپ کو کی ورڈ ریسرچ میں بھی ماہر ہونا چاہیے،یعنی آپ اپنے مواد کے موافق الفاظ کو اپنے ٹائٹل،ڈسکرپشن، کیٹگری،اور ٹیگز میں استعمال کریں۔

سی ٹی آر (CTR) یعنی آرگینک کلک تھرو ریٹ کیا ہے اور اسے بہتر بنانے کے 7 طریقے

(سید عبدالوہاب شاہ)

آرگینک کلک تھرو ریٹ Click-through rate سے مراد ان لوگوں کا فیصد ہے جو آپ کے سرچ انجن کی فہرست میں آتے ہیں اور درحقیقت آپ کی سائٹ پر کلک کرتے ہیں۔

بظاہر یہ بہت آسان معلوم ہوتا ہے لیکن یہ اتنا آسان نہیں، اور بہت سے لوگ اسے نظر انداز بھی کر لیتے ہیں۔ اگرچہ آپ اپنی ویب سائٹ کی رینکنگ کو کنٹرول نہیں کر سکتے لیکن ایسے اقدامات ضرور کر سکتے ہیں جس سے ویب سائٹ کی رینکنگ بہتر ہو جائے۔

اس مضمون میں آپ جانیں گے کہ سی ٹی آر کیا ہے؟ اور یہ کیوں اہمیت رکھتا ہے۔

سی ٹی آر کیا ہے؟

سی ٹی آر (کلک تھرو ریٹ) ان سرچ کرنے والوں کا فیصد ہے جو سرچ کے نتائج سے آپ کی ویب سائٹ پر آتے ہیں۔

گوگل یہ چاہتا ہے کہ لوگوں کو کم وقت میں زیادہ فائدہ پہنچے۔ چنانچہ سرچ رزلٹ میں آپ کے لنک پر جتنے زیادہ کلک ہوتے ہیں آپ کو اتنا ہی اونچا درجہ ملتا ہے۔

ایسے بہت سے عوامل ہیں جو آپ کی رینکنگ کو متاثر کرتے ہیں اور وہ آپ کے کنٹرول میں بھی ہیں۔

آرگینک سرچ کے لیے بہترین سی ٹی آر کیا ہے۔؟

سرچ رزلٹ پر کلک کرنے کی شرحیں مختلف ہوتی ہیں۔ عام طور پر پہلے نمبر کے لنک پر ٣٤ فیصد کلک ہوتے ہیں۔ جبکہ پہلے تین لنکس پر ٦٠ فیصد کلک ہوتے ہیں۔ جبکہ دوسرے پیج کو عام طور پر صفر سی ٹی آر ملتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا صرف پہلے صفحے پر جگہ حاصل کرنا کافی نہیں بلکہ پہلے تین لنکس میں جگہ بنانا ضروری ہے۔

سی ٹی آر یعنی آرگینک کلک تھرو ریٹ کیوں اہم ہے؟

سی ٹی آر آپ کی ٹریفک کا وہ فیصد ہے جو آپ سرچ انجن سے حاصل کرتے ہیں۔ اس کو بہتر بنانا دو وجوہات کی بنا پر بہتر ہے۔

۱۔ اپنے سی ٹی آر کو بہتر بنا کر آپ بغیر کسی اضافی محنت کے زیادہ ٹریفک حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے سی ٹی آر کو ایک فیصد سے بڑھا کر دو فیصد کر لیتے ہیں تو گویا آپ نے اپنی ٹریفک دو گنا کر دی۔

۲۔ سی ٹی آر آپ کی رینکنگ کو بہتر بنانا ہے۔ اگر یہ بہتر ہے تو آپ کی ویب سائٹ اوپر رہے گی، اگر یہ خراب ہے تو آپ کی ویب سائٹ مزید نیچے چلی جائے گی۔ سی ٹی آر واحد ایسی چیز ہے جو آپ کے کنٹرول میں ہے۔

1۔ اپنے سی ٹی آر کو کیسے بہتر بنائیں؟

۱۔ اپنے پیج یا آرٹیکل کے ٹائٹل کو دلچسپ بنائیں۔ آپ کا ٹائٹل ہی وہ عنصر ہے جو اس بات میں فیصلہ کن ثابت ہوتا ہے کہ کوئی اس پر کلک کرے یا نہ کرے۔

اپنے ٹائٹل کو بہتر بنانے کے لیے بریکٹ کا استعمال کریں۔ یاد رکھیں بریکٹ کا استعمال کلکس کو ٤٠ فیصد تک بڑھا سکتا ہے۔

۲۔ اپنے پیج کے مواد میں نمبرز اور فہرست کا استعمال کریں۔ عنوانات کو نمبرز دیا کریں، وزٹر کو اس میں سہولت رہتی ہے اس لیے ایسے آرٹیکلز پر کلکس زیادہ ملتے ہیں۔

۳۔ اپنے مواد میں تاریخوں کا استعمال کریں۔

٤۔ ایک ٹارگٹ کی ورڈ کا انتخاب کریں، اور پھر اس ٹارگٹ کی ورڈ کو اپنے ٹائٹل میں ضرور استعمال کریں۔

٥۔ جذباتی الفاظ استعمال کریں۔ جیسے اخبارات کی شہ سرخیاں جذبات الفاظ کی ہوتی ہیں اسی طرح آپ بھی شہ سرخیاں بنائیں۔

2۔ اپنی ڈسکرپشن میں طاقتور الفاظ استعمال کریں۔

میٹا ڈسکرپشن سرچ رزلٹ میں نظر آنے والی سب سے اہم چیز ہوتی ہے، کیونکہ جب کوئی شخص کسی چیز کو سرچ کر رہا ہوتا ہے تو سامنے آنے والے رزلٹ میں میٹا ڈسکرپشن کو پڑھ کر ہی وہ فیصلہ کرتا ہے کہ مجھے اس آرٹیکل پر کلک کرنا چاہیے یا نہیں۔

اگر آپ میٹا ڈسکرپشن نہیں لکھتے تو گوگل خود ہیں ١٦٠ الفاظ پر مشتمل ایک دو لائنیں اٹھا کر وزٹر کو شو کرتا ہے، کبھی تو وہ اچھے الفاظ ہوتے ہیں اور کبھی بالکل بھی غیر متعلقہ ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے وزٹر آپ کے لنک کو نظر انداز کر دیتا ہے۔

اس مقصد کے لیے کچھ ایسے ٹولز بھی دستیاب ہیں جن کی مدد سے آپ ہر ہر آرٹیکل کی میٹاڈسکرپشن لکھ سکتے ہیں، مثلا Yoast SEO وغیرہ۔

3۔ مختصر اور متعلقہ الفاظ پر مشتمل یو آر ایل بنائیں۔

سرچ رزلٹ میں نظر آنے والی ایک اور اہم چیز آپ کی پوسٹ کا یو آر ایل بھی ہے۔ یو آر ایل میں بھی اپنا متعلقہ کی ورڈ استعمال کریں، اور یو آر ایل کو بالکل مختصر رکھیں۔ لمبا یو آر ایل، غیر متعلقہ الفاظ پر مشتمل یو آر ایل اچھا نہیں ہے۔ اس لیے یور آر ایل بنانے وقت متعلقہ مختصر کی ورڈز کے علاوہ باقی الفاظ کو حذف کر دیں، مثلا تاریخ، ایڈم کا نام وغیرہ۔

4۔ گوگل رچ اسنیپٹس کے لیے اپنے مواد کو بہتر بنائیں۔

آپ نے دیکھا ہو گا جب آپ کوئی چیز تلاش کرتے ہیں تو رزلٹ میں سوال جواب کی صورت میں کچھ باکس نظر آتے ہیں، یہ جواب خانہ بھی رزلٹ کا ایک اہم حصہ ہے جس پر کلک کرنے کے چانس بہت زیادہ ہوتے ہیں، انہیں رچ اسنیپٹس کہا جاتا ہے۔

اگر آپ یہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ صفحہ کے اوپر والے حصہ میں ایک سوال اور پھر اس کا جواب ایک پیراگراف میں لکھیں۔ اس پیراگراف میں آپ الگ الگ ٹکڑوں میں دیگر تفصیلات بھی درج کر سکتے ہیں مثلا قیمت، رابطہ، تصاویر وغیرہ۔

رچ اسنیپٹس کو بہتر بنانے کے لیے کچھ ٹولز اور پلگ ان بھی اسکیما مارک اپ کے نام سے دستیاب ہیں۔

5۔ اپنے مواد کو سائٹس لنک کے لیے بہتر بنائیں۔

سرچ کے رزلٹ میں سائٹس لنک بھی دکھائے جاتے ہیں۔ جو کہ آپ کے سی ٹی آر کو بڑھانے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

اپنے آرٹیکلز میں استعمال ہونے والے کی ورڈز کو متعلقہ مضمون کے ساتھ لنک کریں۔ اس طرح متعلقہ مضمون کا لنک سرچ رزلٹ میں بھی نظر آئے گا اور وزٹر کو فورا مطلوبہ تلاش پر پہنچنے میں مدد ملے گی اور آپ کی رینکنگ زیادہ ہو گی۔

6۔کم سی ٹی آر والے پیجز کو دیکھنے کے لیے گوگل سرچ کنسول کا استعمال کریں۔

اگر آپ کی ویب سائٹ پر بے حساب مواد ہے اور آپ اپنی ویب سائٹ کو بہتر بنانا چاہتے ہیں، لیکن یہ سمجھ نہیں آرہا کہ کہاں سے شروعات کریں تو اس کا بہترین حل یہ ہے کہ گوگل سرچ کنسول کی مدد سے ان صفحات کو تلاش کریں جن کا سی ٹی آر بہت کم ہے۔ پھر پہلے ان صفحات کے سی ٹی آر کو بہتر بنائیں۔

اپنے ٹریفک کا تجزیہ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ان اقدامات پر عمل کریں تاکہ پوری سائٹ پر سب سے کم CTR کی شناخت کی جا سکے۔

گوگل سرچ کنسول کھولیں۔

پرفارمنس پر جائیں۔

ان باکسز کو چیک کریں جو کہ کل نقوش اور اوسط CTR لکھتے ہیں۔

کارکردگی کی رپورٹ کا استعمال کرتے ہوئے اپنے CTR کا تجزیہ کریں۔

7۔اپنا برانڈ بنانے کے لیے محنت کریں۔

جب آپ گوگل سرچ میں کوئی چیز تلاش کر رہے ہوتے ہیں تو آپ کے سامنے بے شمار رزلٹ آرہے ہوتے ہیں لیکن آپ کے ذہن میں ایک خاص برانڈ ہوتی ہے، چنانچہ آپ ان تمام رزلٹ کو نظر انداز کر کے اپنے مطلوبہ برانڈ کو ہی ڈھونڈ رہے ہوتے ہیں، مطلوبہ برانڈ کو ڈھونڈنے کے لیے آپ رزلٹ کے صفحے کے نیچے تک جاتے ہیں، یہاں تک کہ دوسرے صفحے پر بھی چلے جاتے ہیں۔

بالکل اسی طرح جب آپ کا برانڈ بن جائے گا تو لوگ آپ کو خود تلاش کریں گے اور باقی رزلٹ کو نظر انداز کر دیں گے۔

برانڈ بنانے میں کافی محنت اور وقت لگتا ہے، لیکن آپ گوگل ایڈز یا فیس بک اشتہارات کے ذریعے بار بار ان لوگوں کو ٹارگٹ کر سکتے ہیں جو ایک بار آپ کی ویب سائٹ وزٹ کر چکے ہیں۔

کیٹگری پیجز کی ایس ای او(SEO) کیسے کریں؟

(سید عبدالوہاب شاہ)

کسی بھی ویب سائٹ میں کیٹگری کے صفحات بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، یہ صفحات لوگوں کو آپ کی ویب سائٹ پر موجود چیزوں کو تلاش کرنے میں آسانی پیدا کرتے ہیں، اور لوگوں کا قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچتا ہے۔ ایس ای او کی کوئی بھی قسم ہو اصل مقصد ایس ای او کا یہی ہوتا ہے کہ لوگوں کے ساتھ ساتھ سرچ انجن کو آپ کی ویب سائٹ پر سہولت ملے۔ آپ کی ویب سائٹ جتنی زیادہ باسہولت ہوگی اتنی ہی اس کی رینکنگ اچھی ہوگی۔

کیٹگری کے صفحات خاص طور پر ای کامرس ویب سائٹ پر بہت اہمیت رکھتے ہیں، اسی اہمیت کی وجہ سے ان کی ایس ای او کرنا بھی نہایت ہی ضروری ہے، تاکہ اپنی آمدنی میں اضافہ کیا جاسکے۔

کیٹگری کے صفحات کی ایس ای او کرنا اس لیے بھی ضروری ہے کہ کسی خاص پروڈکٹ کی ایس ای او سے وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو آپ چاہتے ہیں، کیونکہ ایک خاص پروڈکٹ کئی ویب سائٹ پر موجود ہوتی ہے اور کئی ویب سائٹ بہت بڑی بھی ہوتی ہیں اور مشہور بھی چنانچہ لوگ جب سرچ کرتے ہیں تو بڑی ویب سائٹ اوپر آجاتی ہیں۔

دوسری وجہ کیٹگری ایس ای او کرنے کی یہ بھی ہے کہ عام طور پر لوگ اس نام سے تلاش نہیں کرتے جو کسی خاص پروڈکٹ کا مخصوص نام ہوتا ہے، یا جو آپ نے ٹائٹل میں دیا ہوتا ہے، بلکہ لوگ عام جنرل نام سے تلاش کرتے ہیں، اور یہ عام جنرل نام زیادہ تر کیٹگری نام ہی ہوتا ہے، مثلا الیکٹرانکس، لیپ ٹاپ، موبائل، سامسنگ موبائل وغیرہ۔


کیٹگری کے صفحات کی ایس ای او کے لیے ضروری کام۔

1۔ کیٹگری کا یو آر ایل بہتر بنائیں۔

ایس ای او میں یو آر ایل کی بہت اہمیت ہوتی ہے، سرچ انجن اور وزٹرز دونوں کو اس یو آر ایل پر موجود چیزوں کو پہچاننے میں آسانی ہوتی ہے۔ مثلاً آپ کی کیٹگری سام سنگ کے موبائل کے بارے ہے تو اس کا یو آر ایل کچھ اس طرح ہونا چاہیے۔

https://example.com/Samsung-Mobile

آپ کے یو آر ایل نہ صرف مختصر ہونا چاہیے بلکہ اس میں متعلقہ چیز کا کی ورڈ ہونا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے آپ کو اپنی ویب سائٹ کے پرمالنکس کی سیٹنگز نیچے دی گئی تصویر کے مطابق رکھنی چاہیے۔



اگر آپ سب سے پہلی والی سیٹنگز رکھیں گے تو ہر لنک میں نمبرنگ آئے گی۔ اگر آپ دوسری والی سیٹنگز رکھیں گے تو ہر لنک میں تاریخ بھی آئے گی۔

اس لیے بہتر یہی ہے وہ سیٹنگ رکھیں جس کی نشاندہی کی گئی ہے۔

2۔ کیٹگری کا ٹائٹل عمدہ بنائیں۔

ایس ای او کے لحاظ سے جب ٹائٹل کو عمدہ بنانے کی بات کی جاتی ہے تو اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ آپ ٹائٹل میں وہ الفاظ استعمال کریں جس سے متعلق یہ ٹائٹل دیا جارہا ہے، افراط و تفریط سے کام نہ لیں۔

ٹائٹل لکھتے وقت متعلقہ چیز کی تحقیق کریں کہ لوگ اس چیز کو تلاش کرتے وقت کن الفاظ کا سہارا لیتے ہیں، پھر وہی الفاظ عنوان میں استعمال کریں۔


اسی طرح اس کی خاص صفت کو بھی عنوان میں شامل کریں، مثلا اس کا کلر، اس کا سائز، وغیرہ

3۔ کیٹگری کی میٹا ڈسکرپشن لکھیں۔

میٹا ڈسکرپشن سرچ رزلٹ میں نظر آتی ہے، اس لیے ایک بہترین ڈسکرپشن تلاش کنندہ کو راغب کرتی ہے کہ وہ اس لنک پر کلک کرکے آپ کے صفحے کا وزٹ کرے۔ راغب کرنے والی ڈسکرپشن لکھنے سے مراد یہ نہیں کہ آپ جھوٹ لکھیں تاکہ زیادہ سے زیادہ کلک ملیں۔ بلکہ جو سچ ہے اسی کی اصلاح کرکے لکھیں، ورنہ لوگ آپ کی ویب سائٹ پر اعتماد کرنا چھوڑ دیں گے۔

آپ میٹا ڈسکرپشن میں اپنی ان آفرز کو بھی لکھ سکتے ہیں جو آپ لوگوں کو دیتے ہیں، مثلا مفت ڈیلیوری، گارنٹی، واپسی، وغیرہ۔

یہ میٹا ڈسکرپشن سرچ انجن میں بھی نظر آتی ہے اور آپ کے کیٹگری پیج کے اوپر بھی نظر آتی ہے جیسا کہ آپ نیچے تصویر میں دیکھ سکتے ہیں:



4۔ مصروف رکھنے والے عناصر

کیٹگری پیج بھی لینڈنگ پیج میں شمار ہوتا ہے، یعنی سرچ انجن سے آنے والا اس پیج پر پہلی بار لینڈ کرتا ہے، اب وہ اس پیج پر اوپر نیچے کر کے کچھ دیکھتا ہے۔ اس لیے اس پیج پر کچھ ایسی چیزیں ضروری ہونی چاہیے جو وزٹر کو آپ کے تعارف اور آپ کے دوسرے پیجز اور پروڈکٹس کی طرف رہنمائی دیں۔ مثلا:

- آپ کا لوگو
- آپ کا ایڈریس، رابطہ نمبر
- آپ کی آفرز
- کال ٹو ایکشن بٹن
- آپ کا مینو
- آپ کے دیگر پیجز
- آپ کی دوسری کیٹگریز

- آپ کی دیگر پروڈکٹس وغیرہ

5۔ تصاویر اور دیگر عناصر

آپ کے کیٹگری پیج پر تصاویر کا استعمال بھی بھرپور طریقے سے ہونا چاہیے۔ ظاہر ہے کوئی بھی شخص کسی چیز کو دیکھے بغیر نہیں سمجھ سکتا۔ خاص طور پر اگر آپ کا ای کامرس سٹور ہے تو اس میں پروڈکٹس کی تصاویر کی بہت ہی اہمیت ہے۔

تصاویر دیتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ تصاویر اچھی طرح سے آپٹیمائز ہونی چاہیے، یعنی ان کی کوالٹی بھی اچھی ہو اور سائز بھی کم ہو تاکہ آپ کی ویب سائٹ پر بوجھ نہ بنے اور رفتار کو کم نہ کرے۔

اگر کوئی ویڈیو لگانی ہو تو اپنی ویب سائٹ پر ویڈیو اپلوڈ کرنے کے بجائے یوٹیوب پر اپلوڈ کریں اور وہاں سے یہاں اسے ایمبیڈ کریں، تاکہ لوڈ آپ کی ویب سائٹ پر نہ ہو۔

سارے مضمون کا نتیجہ

1. کیٹگری کے صفحات کی ایس ای او بھی بہت ہی ضروری ہے، اس کی اہمیت کو کم نہ سمجھیں۔
2. کیٹگری صفحات کے یو آر ایل پر خصوصی توجہ دیں یہ سرچ انجن اور وزٹر دونوں کو سہولت دیتا ہے۔
3. کیٹگری کے ٹائٹل کی اچھی طرح اصلاح کریں۔
4. کیٹگری کو ڈسکرپشن کے بغیر نہ چھوڑیں بلکہ اصلاح شدہ بہترین ڈسکرپشن لکھیں جو سرچ میں بھی نظر آئے۔
5. کیٹگری پیج پر اپنی ویب سائٹ کے دوسرے صفحے پر جانے والے لنکس بھی شامل کریں، جنہیں آپ ہیڈر، فوٹر، سائیڈ بار وغیرہ میں استعمال کر سکتے ہیں۔
6. تصاویر، ویڈیوز وغیرہ کی اصلاح بھی ضروری کریں۔

شکریہ

ویب سائٹ کاڈھانچہ مرتب کرنا کیوں اہم ہے۔

(سید عبدالوہاب شاہ)

جیسا کہ میں نے پچھلے مضمون میں یہ بتایا تھا کہ آپ ویب سائٹ کسی مقصد کے لیے بناتے ہیں۔ اور وہ مقصد تبھی حاصل ہو سکتا ہے جب آپ کی ویب سائٹ پر ٹریفک زیادہ سے زیادہ آئے۔ ٹریفک لانے کے لیے ویب سائٹ کی سرچ انجن کے مطابق اصلاح کرنا ضروری ہے، جسے ایس ای او یعنی سرچ انجن آپٹیمائزیشن کہا جاتا ہے۔

ٹیکنیکل ایس ای او کا ایک اہم حصہ اپنی ویب سائٹ کا ایک ایسا ڈھانچہ تیار کرنا ہے جس سے گوگل سرچ کو آپ کی ویب سائٹ کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ نہ صرف گوگل بلکہ وزٹر کے لیے بھی آسانی ہو اور ان کا قیمتی ٹائم ضائع نہ ہو۔ یعنی وزٹر کم سے کم کلکس پر اپنی مطلوبہ چیز تک پہنچ جائیں۔

آج کے مضمون میں چند ایسی ہی چیزوں کا ذکر کیا جائے گا جن کا تعلق ٹیکنیکل ایس ای او کے حصے سائٹ سٹرکچر سے ہے۔

1۔ ویب سائٹ کے مواد کو گروپس میں تقسیم کریں۔

سب سے پہلا کام یہ کریں کہ اپنی ویب سائٹ کے سارے مواد کی درجہ بندی کریں اور گروپس میں تقسیم کریں۔

مثلا:ہوم پیج، پروڈکٹس، بلاگ، آرٹیکلز، نیوز

پھر ان کی ذیلی درجہ بندی کریں، مثلا پروڈکٹس کے ذیل میں: کمپیوٹر، کپڑے، کھانے کی چیزیں، کھلونے وغیرہ۔

اسی طرح نیوز کے ذیل میں ملکی خبری، انٹرنیشنل خبری، سائنس وٹیکنالوجی کی خبری، سیاست کی خبریں وغیرہ۔

یہ درجہ بندی پیجیز بناکر بھی کی جاتی ہے، اور مختلف کیٹگریز بناکر بھی کی جاتی ہے۔

2۔ڈھانچے اور کیٹگریز کو مینیو میں شامل کریں۔

جب آپ اپنی ضروت کے مطابق ڈھانچہ تیار کرلیں، یادرجہ بندی کرلیں تو اب ایک مینیو بنائیں جس میں وہ ڈھانچہ دیاجاسکے جو آپ نے تیار کیاہے۔

مینیو بناتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ آپ کا ہر پیج زیادہ سے زیادہ تین کلکس کی دوری پر ہوناچاہیے۔یعنی ایسانہ ہو کہ آپ کے کسی پیج پر پہنچنے کے لیے وزٹر کو چار، پانچ یاچھ سات کلکس کرنے پڑیں۔ یہ چیز یوزرایکسپیرنس کو خراب کرتی ہے۔اس لیے کسی مینیو کے اندر سب مینیو بنانے سے اجتناب کریں۔ البتہ اگر ضرورت ہو تو سب مینیو بنایا بھی جاسکتاہے۔

3۔ کمپیوٹر اور موبائل کے لیے الگ الگ مینیو

چونکہ کمپیوٹر اور موبائل کاڈسپلے مختلف ہوتاہے اس لیے بہتر یہی ہے کہ موبائل کے لیے الگ مینیو اور کمپیوٹر کے لیے الگ مینیو بنایا جائے۔

چونکہ کمپیوٹر کی سکرین بڑی ہوتی ہے اور اس میں آپ زیادہ تفصیلی مینیو بھی بنالیں تو کوئی مسئلہ نہیں ہوتا، لیکن موبائل میں بہت بڑا مینیو بنانے سے کئی مسائل پیداہوجاتے ہیں۔ مثلااگر آپ نے بہت بڑامینیو بنایاتو موبائل کی سکرین پر سارا نظر نہیں آئے گااور وزٹر سارامینیو دیکھنے کے لیے انگلی سے نیچے یااوپر کرنے کی کوشش کرے گاتو مینیو بند ہوجائے گا، اسی طرح اور کئی مسائل کا سامنا بھی کرناپڑسکتاہے۔اس لیے موبائل کے لے الگ اور مختصر مینیو بناناچاہیے۔

4۔ مواد کا یو آر ایل بہتر بنائیں۔

بہترین یو آر ایل وہ کہلاتا ہے جو مختصر بھی ہو، اور اسے وزٹر یا سرچ انجن کو سمجھنے میں آسانی بھی ہو۔ مثلاً:

Home page / Electronics / Android / Samsung / A52-128gb

اس یو آر ایل کو دیکھ کر وزٹر اور گوگل دونوں کو بہت رہنمائی ملتی ہے۔ مثلاً: اگر آخری حرف ہٹا دیا جائے تو سام سنگ کے تمام موبائل سامنے آجائیں گے، اور اگر سام سنگ کو بھی ہٹا دیا جائے تو، تمام اینڈرائیڈ موبائل سامنے آجائیں گے، اور اگر اینڈرائیڈ کو بھی ہٹا دیا جائے تو آپ کی ویب سائٹ پر تمام الیکٹرانکس پروڈکٹس سامنے آجائیں گیں۔

نوٹ:

اگر آپ اپنے URL کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے کہ آپ اپنی SEO اور درجہ بندی سے محروم نہ ہو جائیں۔ اس لیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ 301 ری ڈائریکٹ کا استعمال ضرور کریں تاکہ صارفین اور سرچ انجنوں کو معلوم ہو سکے کہ صفحہ کا URL تبدیل ہو گیا ہے۔

https://redirection.me/

5۔ اپنے تمام صفحات پر بریڈ کرمب شو کریں۔

جیسا کہ میں نے آپ کو پہلے بتایا کہ یو آر ایل ایسا بنائیں کہ وہ وزٹر اور گوگل دونوں کی مکمل رہنمائی کرے، اور اس میں آپ کے دیگر صفحات بھی نظر آرہے ہوں اور جب یو آر ایل سے کسی لفظ کو مٹایا جائے تو اس سے پچھلا والا صفحہ اوپن ہو جائے۔

بالکل ایسے ہی بریڈ کرمب کا معاملہ بھی ہے۔ بریڈ کرمب میں بھی آپ کے صفحہ کا پورا پاتھ نظر آتا ہے، اسی لیے بریڈ کرمب کو چھپانا نہیں چاہیے بلکہ بریڈ کرمب نظر آنے چاہیں۔

بریڈ کرمب کے ذریعے وزٹر اور گوگل دونوں مزید صفحات تک پہنچنے میں آسانی ہوتی ہے۔

6۔وزٹرز کے لیے سائٹ میپ بنائیں۔

ایک سائٹ میپ گوگل کے لیے بنایا جاتا ہے، جب کہ جس سائٹ میپ کی میں بات کر رہا ہوں یہ اس سے الگ ہے، یعنی وزٹرز کے لیے سائٹ میپ بنانا۔ اس سائٹ میپ کا مقصد ویب سائٹ پر موجود تمام صفحات، کیٹگریز اور دیگر اہم چیزوں کو ایک پیج پر ایک نظر کے سامنے لانے ہے۔ عام طور پر یہ سائٹ میپ ویب سائٹ کے فوٹر میں بنادیا جاتا ہے، جہاں وزٹر ایک ہی نظر میں ویب سائٹ پر موجود مواد کو دیکھ لیتے ہیں اور پھر اپنی ضرورت کے مطابق کلک کرتے ہیں۔ چونکہ اس سے وزٹرز کو سہولت ملتی ہے اس لیے اسے بنانا بھی بہت ضروری ہے۔

یاد رکھیں آپ اپنے وزٹر کو جتنی سہولت دیں گے، اور جتنی آسانی پیدا کریں گے، وزٹر اتنا ہی خوش ہو گا۔ گوگل بھی ایسی ہی ویب سائٹس کو رینک دیتا ہے جو وزٹرز کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرتی ہیں۔

شکریہ

پلر پیج کیا ہے اور ایس ای او میں اس کی اہمیت کیوں ہے؟

(سید عبدالوہاب شاہ)

پلر پیج (pillar page) سے مراد ایک ایسا پیج ہے جس میں کسی خاص موضوع کا بڑی گہرائی اور تفصیل کے ساتھ احاطہ کیا گیا ہو۔

- پلر پیج میں ذیلی عنوانات کے تفصیلی مضامین کے داخلی لنکس دیے جاتے ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ ان موضوعات پر کافی مہارت رکھتے ہیں۔ یہ چیز ایس ای او کے اعتبار سے بہت اچھی سمجھی جاتی ہے اور سرچ انجن ایسے پیجز کو جلدی رینک دیتا ہے۔
- پلر پیجز صارفین کو بھی بہت سہولت دیتے ہیں کہ وہ ایک ہی پیج پر کسی بھی موضوع کی ہر سمت کو مطالعہ کر لیتے ہیں۔ اس طرح صارفین کو زیادہ دیر تک اپنے پیج پر رکھنے کا ذریعہ پلر پیجز ہی ہوتے ہیں۔

پلر پیج کیا ہے؟

پلر پیج اس طویل صفحے کو کہا جاتا ہے جس میں کسی خاص موضوع پر بڑی تفصیلی بحث کی گئی ہو۔ اور اس موضوع کی ہر سمت کا جائزہ لیا گیا ہو، اور مزید تفصیل کے لیے ذیلی عنوانات کے تحت دوسرے اندرونی لنکس دیے گئے ہوں۔

پلر پیج کی خصوصیات

1. پلر پیج عام پوسٹ سے زیادہ لمبے ہوتے ہیں۔
2. پلر پیج کا مواد کسی ایک ہی موضوع کے گرد گھومتا ہے۔
3. پلر پیج کے مواد کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہوتا ہے۔
4. پلر پیج کے مواد کا ہر حصہ اپنے اندر ذیلی سیکشن بھی رکھتا ہے۔
5. پلر پیج کا مواد کم از کم تین ہزار الفاظ پر مشتمل ہوتا ہے، اور اس سے زیادہ ہونا اور بھی بہتر ہے۔
6. پلر پیج کا مواد ٹیبلز کی طرح منقسم اور مرتب ہوتا ہے، اور اس میں بہت سارے اندرونی لنکس شامل کیے گئے ہوتے ہیں۔

پلر پیجز ایس ای او کے لیے کیوں اہم ہیں؟


پلر پیجز سرچ انجن اور صارفین دونوں کو سہولت دیتے ہیں اس لیے ایس ای او SEO میں ان کی بہت اہمیت ہے۔ جب لوگ سرچ انجن پر تلاش کرتے ہیں تو سرچ انجن کی کوشش ہوتی ہے کہ تلاش کرنے والے کو ایسا مواد دکھایا جائے جو اس کی ضرورت کو پورا کرے، چنانچہ سرچ انجن ایسے پیجز کو ترجیح دیتے ہیں جن میں سرچ الفاظ کے جواب میں تفصیلی مواد موجود ہو۔ تفصیلی مواد والے پیجز کو سرچ انجن سب سے اوپر دکھاتا ہے۔ پلر پیج ہی وہ پیج ہوتا ہے جو تفصیلی مواد پر مشتمل ہوتا ہے۔

پِلر پیجز کسی بھی موضوع پر اپنی مہارت دکھانے کا ایک بہترین ذریعہ ہوتے ہیں، اور سرچ انجن کے رینکنگ دینے والے عوامل E-A-T سے بہت متاثر ہوتے ہیں۔

ای اے ٹی کا مطلب ہے: تجربہ، اتھارٹی، اعتماد۔ E-A-T (Expertise, Authority, Trustworthiness)

پِلر پیجز بطور ماخذ اور اتھارٹی کے دیکھے جاتے ہیں۔ ایسے پیجز کو بیک لنکس ملنے کے بھی بہت چانس ہوتے ہیں، اور سوشل میڈیا پر بھی ان کا تذکرہ ہوتا رہتا ہے۔

پلر پیجز تفصیلی اور مشکل موضوعات کو آسان اور دلچسپ انداز سے ٹیبلز میں تقسیم کر کے بنائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ ہمارے ایس ای او، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس کے موضوع پر پلر پیجز دیکھیں۔



ویکی پیڈیا

پلر پیج کی مثال ویکی پیڈیا ہے، جہاں کسی بھی چیز سے متعلق تمام معلومات ایک پیج پر ہوتی ہیں، اور اس پیج پر کئی دوسرے لنکس بھی ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ جب بھی کوئی چیز گوگل پر سرچ کریں، سب سے اوپر عام طور پر ویکی پیڈیا کا لنک ہی نظر آتا ہے کیونکہ گوگل کی نظر میں یہی پیج صارفین کو مکمل رہنمائی دیتا ہے۔

عنوانات

پلر پیجز کے بہت سے عنوانات ہو سکتے ہیں، لیکن تین عنوانات عام طور پر زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً:

۱۔ ایس ای او کیسے کریں؟

۲۔ ایس ای او کیا ہے؟

۳۔ بہترین ایس ای او ٹولز

ہاؤٹو، وَٹ اِز اور پانچ بہترین۔ ان عنوانات سے آپ پلر پیج بناسکتے ہیں۔

پِلر پیج کیسے بنائیں؟

پِلر پیج بنانے کے لیے ان دس نکات کو مد نظر رکھیں

١۔ کن عنوانات پر پِلر پیج بنانا ہے؟

ظاہر ہے سب سے پہلے آپ کو موضوع کا انتخاب کرنا ہے۔ موضوع کا انتخاب کرنے کے لیے آپ اپنی مہارت اور علم کا سہارا لیں۔ جس موضوع پر آپ کا علم زیادہ ہے، آپ کو اچھی مہارت اور تجربہ ہے ان عنوانات کا انتخاب کریں اور لکھنا شروع کریں۔

عنوانات کا انتخاب کرنے کے لیے آپ گوگل ٹرینڈ سے بھی مدد لے سکتے ہیں، آپ کے ارد گرد جس چیز کا ٹرینڈ چل رہا ہے اس موضوع کو پکڑیں اور تفصیل سے لکھیں۔

موضوع کا انتخاب کرتے وقت مندرجہ ذیل باتوں خیال رکھیں:

- ایسے موضوعات کا انتخاب کریں جن کے بہت سارے ذیلی عنوانات بھی ہوں۔
- ایسے موضوعات کا انتخاب کریں جن پر بڑی لمبی چوڑی تفصیل سے لکھا جاسکے۔
- ایسے موضوعات کا انتخاب کریں جو پہلے سے آپ کی ویب سائٹ پر موجود نہ ہوں۔
- آپ پہلے سے موجود مختصر موضوعات کو بھی تبدیل کر کے پِلر پیج میں تبدیل کر سکتے ہیں۔

٢۔ کسی ایک طریقے کا انتخاب کریں۔ پِلر پیج یا ٹاپک کلسٹرز؟

موضوع اور مواد کا انتخاب کرنے کے بعد اگلا کام اس بات کا فیصلہ کرنا ہے کہ آپ نے پِلر پیج بنانا ہے؟ یا ٹاپک کلسٹرز بنانے ہیں۔

پِلر پیج اور ٹاپک کلسٹرز میں فرق کیا ہے؟

پِلر پیج کی تعریف تو میں نے اوپر آپ کو بتادی کہ ایک ہی ایسا پیج جس پر کسی بھی موضوع کی ہر سمت کا مکمل احاطہ کیا گیا ہو اور بڑی تفصیل کے ساتھ اس موضوع پر لکھا گیا ہو۔ جبکہ ٹاپک کلسٹرز کا مطلب ہے آپ ایک پیج بناتے ہیں اور اس پیج پر موضوع کے تمام عنوانات، ذیلی عنوانات لکھتے ہیں اور ہر عنوان کے تحت اس کی تفصیل کو کسی اور پیج یا پوسٹ میں لکھتے ہیں، اس عنوان کو اس پیج یا پوسٹ کے ساتھ لنک کرتے ہیں، اس طرح جتنے عنوانات ہیں اتنے پیج یا پوسٹیں ہوتی ہیں، اور ہر پیج یا پوسٹ کو واپس اس پیج کے

ساتھ بھی لنک کیا ہوتا ہے۔ گویا کہ اس پیج پر صرف عنوانات یا اس کی مختصر تفصیل ہوتی ہے مزید تفصیل الگ پیج یا پوسٹ میں ہوتی ہے اور یہ عنوان اس پوسٹ کے ساتھ اور وہ پوسٹ اس صفحے کے ساتھ لنک ہوتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ آپ ان دونوں طریقوں سے کام کر سکتے ہیں لیکن میرے خیال میں پہلا طریقہ یعنی پلر پیج والا طریقہ زیادہ بہتر ہے کیونکہ اس میں صارفین کو بار بار کلک نہیں کرنا پڑتا اور وہ ایک ہی جگہ ساری تفصیل دیکھ سکتے ہیں، اسے پرنٹ کر سکتے ہیں اور بطور ماخذ کے محفوظ کر سکتے ہیں۔ جبکہ دوسرے طریقے میں بہت سارے پیجز بن جاتے ہیں جنہیں بطور ماخذ کے استعمال کرنا بھی مشکل ہے اور پرنٹ کرنا بھی مشکل ہے۔

پِلر پیج سکھانے کے لیے انگلش زبان میں بہترین ویب سائٹ reliablesoft.net ہے۔ اگر آپ انگلش نہیں جانتے تو کوئی مسئلہ نہیں یہاں آپ اردو میں سیکھ سکتے ہیں۔

۳۔ کی ورڈز ریسرچ

موضوع کا انتخاب اور طریقہ کار کا فیصلہ کرنے کے بعد تیسرا کام "کی ورڈز ریسرچ" ہے۔ اب آپ اپنے موضوع سے متعلقہ ان کلیدی الفاظ کی ریسرچ کریں جنہیں آپ نے اپنے مواد اور عنوانات میں استعمال کرنا ہے۔ یہ کی ورڈز مختصر بھی ہونے چاہیں اور لمبے بھی ہونے چاہیے۔ کی ورڈ اس طرح کے ہو سکتے ہیں مثلا:

ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ایک کامرس، ایس ای او، ای میل مارکیٹنگ، گوگل ایڈ سین وغیرہ۔

کی ورڈز ریسرچ کیسے کرنی ہے اس کے لیے آپ ہمارا آرٹیکل "کی ورڈ ریسرچ" پڑھ سکتے ہیں۔

مطلوبہ کی ورڈ سے متعلق چند باتیں یاد رکھیں

- کی ورڈز کو اپنے پِلر پیج کے یو آر ایل میں ضرور استعمال کریں۔
- کی ورڈ کو اپنے عنوانات، ذیلی عنوانات میں ضرور استعمال کریں۔
- کی ورڈ کو اپنے مواد میں بار بار استعمال کریں۔

۴۔ منصوبہ بندی اور خاکہ بنائیں۔

آپ نے موضوع بھی تلاش کر لیا، طریقہ کار انتخاب بھی کر لیا اور کی ورڈ ریسرچ بھی کر لی۔ اب چوتھا مرحلے میں اپنے کام کو کرنے کا خاکہ بنائیں کہ آپ نے کیسے کام کرنا ہے۔ خاکہ بنانے کا بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مختصر وقت میں زیادہ کام کر لیا جاتا ہے۔ لہذا خاکہ بنانے اور سوچ بچار کرنے کو بھی کچھ ٹائم ضرور دیں۔

خاکہ

- عنوانات لکھیں۔
- ہر سیکشن میں کیا کیا مواد ہو گا۔
- ان صفحات یا پوسٹوں کا انتخاب کریں جنہیں لنک کرنا ہے۔
- صفحہ کا ڈیزائن کیسا ہو گا۔
- تصاویر، ویڈیوز یا دیگر مواد کیا کیا ہو گا۔

کام شروع

اب عنوانات کے تحت مواد لکھنا شروع کریں۔ آپ نے کتنا لکھنا ہے اس کی کوئی حد تو نہیں البتہ پِلر پیجز کی خاص بات یہی ہوتی ہے کہ ان میں تفصیل کے ساتھ زیادہ مواد لکھا جاتا ہے۔ عام طور کہا جاتا ہے کہ آپ کا پِلر پیج تین ہزار الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

مواد لکھنے سے پہلے اور لکھتے وقت اپنے حریف پیجز کا مطالعہ بہت ضروری ہے، اس سے آپ کو گائیڈ لائن بھی ملتی ہے اور حوصلہ بھی۔

آپ کا مواد پہلے سے موجود مواد سے ہر اعتبار سے پہلے سے بہتر ہونا چاہیے۔ تب سرچ انجن اسے خصوصی توجہ دیں گے۔

۵۔ بصری اور سماعتی مواد

تحریری مواد کے ساتھ ساتھ اگر بصری اور سمعی مواد بھی شامل ہو تو پیج کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ اس لیے تصاویر، آڈیو، ویڈیوز کا استعمال بھی جتنا ہو سکے ضرور کریں۔


تصاویر یا ویڈیو کے استعمال میں اس بات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ یہ چیزیں آپ کے پیج کی لوڈنگ سپیڈ پر اثر انداز ہوتی ہیں، لہذا جتنا ہو سکے ان کے سائز کو کم سے کم رکھیں اور ایسے پلگ انز کا استعمال بھی کریں جو ان کو کمپریس کرتے ہیں تا کہ پیج کے لوڈ ہونے کی سپیڈ اچھی رہے۔

٦۔ گوگل نمایاں ٹکڑے (Featured Snippet)

مواد لکھتے وقت یا لکھنے کے بعد مواد کا جائزہ لیں اور پیج کے مواد کو گوگل سرچ کے نمایاں ٹکڑوں (Featured Snippet) کے لیے موزوں بنائیں۔

گوگل سرچ نمایاں ٹکڑے کیا ہیں؟

جب آپ کوئی بھی چیز تلاش کرتے ہیں تو سرچ رزلٹ میں ایک دو لنکس کے بعد کچھ ٹکڑے نظر آتے ہیں، جو سوال و جواب کی شکل کے ہوتے ہیں۔



اپنے مواد کو گوگل سرچ کے نمایاں ٹکڑوں (Featured Snippet) کے موزوں بنانے کے لیے آپ ایچ ون، ایچ ٹو اور ایچ تھری کا استعمال کرتے ہوئے مواد کو مختلف حصوں میں تقسیم کرتے ہوئے نمبرنگ دیں۔

۷۔ مواد پر نظر ثانی کریں۔

جب آپ کام مکمل کر چکیں تو ایک بار پھر اپنے پیج پر نظر ثانی کریں۔ خاص طور پر پیج کی ایس ای او کے لحاظ سے فارمیٹنگ کو چیک کریں۔

1. کیا آپ نے آن پیج ایس ای او اور ٹیکنیکل ایس ای او اچھے طریقے سے کی ہے؟
2. کیا آپ نے کی ورڈز کا استعمال ٹائٹل، یو آر ایل اور مواد میں کیا ہے۔؟
3. کیا پیج ٹائٹل، عنوانات، ذیلی عنوانات، پیراگراف، بریکٹ، فل سٹاپ، کومہ وغیرہ کا استعمال کیا ہے۔؟
4. کیا کیٹگری، ٹیگز اور ڈیفالٹ فیچرڈ امیج کا استعمال کیا ہے۔؟
5. کیا اندرونی اور بیرونی لنکس بنائے ہیں۔؟
6. کیا آپ نے پیج کی ٹیبل آف کنٹنٹ (فہرست) بنائی ہے؟

۸۔ اپنے مواد کی تشہیر کریں۔

اپنا پلر پیج پبلش کرنے کے بعد بھی آپ کا کام ختم نہیں ہوا۔ اب آپ نے اس پیج کی تشہیر کرنی ہے۔ تشہیر اندرونی بھی کرنی ہے اور بیرونی بھی کرنی ہے۔

اندرونی تشہیر کے نکات

اپنے پیج کو مین مینیو میں شامل کریں۔

اپنے پیج کو فوٹر میں شامل کریں۔

اپنے پیج کو سائیڈ بار میں شامل کریں۔

اپنے بلاگ پر پلر پیج کا لنک دیں۔

پلر پیج کے مواد سے ملتا جلتا دیگر مواد تلاش کریں اور اس میں پلر پیج کا لنک دیں۔

بیرونی تشہیر کے نکات

اپنے صارفین کو ای میل یا نیوز لیٹر بھیجیں۔

اپنی فیس بک آئی، پیجز اور گروپس میں شیئر کریں۔

اپنے ٹویٹر، لنکڈان ،پنٹریسٹ، یوٹیوب پوسٹ یا سٹوری، انسٹاگرام، وٹس سمیت دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر شیئر کریں۔

گوگل ایڈز یا فیس بک ایڈز پر بامعاوضہ تشہیری مہم چلائیں۔

۹۔ انتظار کی گھڑیوں میں کرنے کا کام۔

آپ نے پلر پیج تیار کر لیا ہے، اب آپ اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ گوگل سرچ میں کب آپ کے پیج کو اچھا رینک ملتا ہے۔ تو اس میں دو سے چھ مہینے کا وقت لگ سکتا ہے، اس لیے تسلی سے انتظار کریں۔ اور ان انتظار کی گھڑیوں میں آپ مزید آرٹیکلز لکھیں اور ان میں اپنے اس پلر پیج کا حوالہ اور لنکس دیں۔

۱۰۔ پلر پیج کی نگرانی کا عمل

کبھی کبھی اپنے پیج کی نگرانی کرتے ہوئے چیک کریں کہ:

کتنے لوگوں نے پیج وزٹ کیا؟

کتنے لوگوں نے پسند کیا؟

کتنے لوگوں نے کمنٹ کیا؟

پیج کا سی ٹی آر کیا ہے؟

یہ جاننے کے لیے کہ سی ٹی آر کیا ہوتا ہے آپ ہمارا یہ آرٹیکل پڑھ سکتے ہیں۔

https://www.nuktaguidance.com/ctr

نگرانی کے لیے گوگل سرچ کنسول اور گوگل اینالائیسٹک کا مطالعہ کرتے رہیں۔

پریشان نہ ہوں، جلد بازی نہ کریں، گوگل میں رینک ہونے کے لیے دو سے چھ مہینے کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔

انٹرنل لنکنگ Internal Linking کی اہمیت

(سید عبدالوہاب شاہ)

ویب سائٹ کی ایس ای او کو بہتر بنانے کے لیے انٹرنل لنکنگ Internal Linking بہت اہمیت کی حامل ہے۔ انٹرنل لنکنگ کر کے آپ نہ صرف آنے والے وزٹر کو زیادہ ٹائم تک اپنی ویب سائٹ پر مصروف رکھ سکتے ہیں بلکہ گوگل کو بھی گائیڈ کر رہے ہوتے ہیں۔

لنکس کی اقسام

کسی بھی ویب سائٹ پر دو طرح کے لنکس ہوتے ہیں:

انٹرنل لنکس (Internal links)

ایکسٹرنل لنکس (External links)

ایکسٹرنل لنکس سے مراد وہ لنکس ہیں جن پر کلک کرنے والے آپ کی ڈومین سے باہر کسی اور ڈومین پر چلا جاتا ہے۔


جبکہ انٹرنل لنکس سے مراد وہ لنکس ہیں جن پر کلک کرنے والا آپ کی ہی ڈومین کے کسی اور صفحے پر پہنچ جاتا ہے۔

پھر انٹرنل لنکس کی بھی دو اقسام ہیں:

ایک یہ کہ لنک پر کلک کرنے والا اسی پیج کے کسی اور پیراگراف پر پہنچ جاتا ہے۔

دوسرا یہ کہ لنک پر کلک کرنے والا آپ کی کسی اور پوسٹ یا صفحے پر پہنچ جاتا ہے۔

انٹرنل لنکنگ کرتے ہوئے ایک اچھی حکمت عملی اختیار کریں کرنی چاہیے، صرف یہی نہیں کہ آپ دھڑا دھڑ لنک بناتے جائیں، بلکہ لنک بناتے وقت ایسی حکمت عملی اختیار کی جائے کہ آپ کی ویب سائٹ کے تمام صفحات ایک دوسرے کے ساتھ جڑ جائیں تا کہ گوگل کرالو آپ کی پوری ویب سائٹ کو کرالنگ اور انڈیکسنگ کر لے۔



کسی بھی سرچ انجن کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ وہ ہوم پیج سے کرالنگ اور انڈیکسنگ کا عمل شروع کرتے ہیں، اور پھر کسی پیج یا پوسٹ سے جو دوسرے لنک ملتے ہیں ان کے ذریعے وہ وہاں تک پہنچتے ہیں۔ اس لیے آپ کی ہر پوسٹ اور ہر پیج پر اگر انٹرنل لنک ہوں گے اور تمام پوسٹس اور پیجز انٹرنل لنکنگ کے ذریعے آپس میں جڑے ہوں گے تو آپ کی پوری ویب سائٹ گوگل یا دیگر سرچ انجن میں انڈیکس ہو جائے گی۔

اوپر دی گئی تصویر کو ایک بار پھر دیکھیں:

دائیں طرف کی تصویر میں غلط انٹرنل لنکنگ میں سرچ انجن ہوم سے صفحہ A تک پہنچے گا اور بس۔

جبکہ بائیں طرف گڈ انٹرنل لنک والی تصویر میں وہ ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے اور تیسرے سے چوتھے صفحے پر پہنچتا چلا جائے گا۔

اندرونی لنکس اور ایس ای او(SEO)

جیسا کہ آپ جان چکے ایس ای او(SEO) میں اندرونی لنکس کی بہت اہمیت ہے، اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اچھے لنک اور برے لنک کس طرح کے ہیں۔ اب چند باتیں اور بھی سمجھ لینی چاہیں :

1. پہلی بات یہ کہ: انٹرنل لنکنگ میں انہیں لنکس کی اہمیت ہے جو پوسٹ یا پیج کی باڈی میں ہوں، پیج کے سائیڈ بار، یا فوٹر پر دیے جانے والے لنک اتنی اہمیت نہیں رکھتے۔
2. دوسری بات یہ کہ: عام طور پر یہ کیا جاتا ہے کہ جب نئی پوسٹ یا نیا پیج بنایا جاتا ہے تو اس میں پرانی پوسٹ یا پرانے پیجز کے لنک دیے جاتے ہیں، یہ بھی اچھی چیز ہے، لیکن زیادہ مفید انٹرنل لنکنگ یہ ہے کہ آپ اپنے پرانے پیجز یا پوسٹس پر نئے پیجز اور پوسٹس کے لنک دیں۔ کیونکہ پرانے پیجز سرچ انجن میں انڈیکس ہوئے ہوں گے اور ان پر نئے پیج کا لنک دینے سے یہ نیا پیج بھی جلدی سے انڈیکس ہو جائے گا۔
3. تیسری بات یہ کہ: محض دھڑا دھڑ لنک نہ دیں، بلکہ جو چیز واقعتاوزٹر یا سرچ انجن کے لیے اہم ہے صرف وہی لنکس دیں۔
4. چوتھی بات یہ کہ: لنک دیتے وقت اینکر ٹیکسٹ میں ان کی ورڈز کا استعمال جس طرف یہ لنک جارہا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کا اینکر ٹیکسٹ "پاکستان" ہے لیکن جب کوئی کلک کرتا ہے تو وہ امریکا پہنچ جاتا ہے۔

اس تصویر میں دیکھیں گوگل خود اپنے پیجز پر کیسے انٹرنل لنکنگ کرتا ہے۔

Backlinks and reconsideration requests

Friday, June 21, 2013 at 1:26 AM

Webmaster level: advanced

When talking to site owners on Google Webmaster Forums we come across questions on reconsideration requests and how to handle backlink-related issues. Here are some common questions, along with our recommendations.

When should I file a reconsideration request?

If your site violates our Google Quality Guidelines or did in the past, a manual spam action may be applied to your site to prevent spam in our search results. You may learn about this violation from a notification in Google Webmaster Tools, or perhaps from someone else such as a previous owner or SEO of the site. To get this manual action revoked, first make sure that your site no longer violates the quality guidelines. After you've done that, it's time to file a reconsideration request.

Should I file a reconsideration request if I think my site is affected by an algorithmic change?

Reconsideration requests are intended for sites with manual spam actions. If your site's visibility has been solely affected by an algorithmic change, there's no manual action to be revoked, and therefore no need to file a reconsideration request. If you're unsure if it's an algorithmic change or a manual action, and have found issues that you have resolved, then submitting a reconsideration request is fine.

ایک صفحے پر کتنے انٹرنل لنکس ہونے چاہیے؟

کسی ایک صفحے پر کتنے لنکس ہوں اس کی کوئی حد تو مقرر نہیں لیکن ماہرین کی رائے یہ ہے کہ دس سے بارہ لنکس ہونا بہتر ہے۔ جبکہ زیادہ سے زیادہ نوے سے سو لنکس دیے جاسکتے ہیں۔

ایکسٹرنل لنک (External link) کیا ہے؟

اندرونی لنکس کے بارے آپ جان چکے ہیں، اب چند باتیں بیرونی لنکس کے بارے بھی جاننا ضروری ہیں۔

بیرونی لنکس سے مراد وہ لنکس ہیں جن پر کلک کرکے آپ کی ڈومین سے باہر کسی اور ویب سائٹ پر پہنچا جاتا ہے۔ بیرونی لنکس کا معاملہ اندرونی لنکس سے مختلف ہے، یہاں کچھ ایسی باتیں ہیں جن کا خیال رکھنا ضروری ہے، مثلا:

1. لنکس صرف اس وقت دیں جب واقعتا اس کی ضرورت ہو۔
2. کوشش کریں ایک صفحے پر صرف ایک، دو یا تین ہی لنک دیں۔
3. لنک صرف اس صورت میں دیں جب واقعتا یہ وزٹرز کو فائدہ پہنچانے والی چیز ہو۔
4. صرف ان ویب سائٹ کا لنک دیں جن پر آپ بھی اعتماد کرتے ہوں۔
5. صرف ان ویب سائٹ کا لنک دیں جن پر اصل اور درست مواد ہو۔

بیرونی لنکس پر گوگل آپ کی ویب سائٹ کو جرمانہ بھی کر سکتا ہے، اس لیے یہ کام احتیاط سے کرنے کا ہے، اور اس کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ جو لنک دیں اسے نوفالو (nofollow) کریں۔ ضروری نہیں کہ ہر لنک کو ہی نوفالو (nofollow) کریں، لیکن کچھ کو ضرور کر لیا کریں۔

شکریہ

اپنے ویب پیج کی رفتار کیسے بڑھائیں۔؟ ویب پیج سپیڈ بڑھانے کے 8 طریقے

(سید عبدالوہاب شاہ)

ویب پیج کی سپیڈ آپ کی ویب سائٹ کا اہم عنصر ہے۔ اور اس کا تعلق گوگل رینکنگ کے ساتھ بھی ہے۔ مصروفیت کے اس دور میں کوئی بھی شخص پیج کے لوڈ ہونے کا انتظار نہیں کرتا۔ اس لیے پیج کی سپیڈ بہتر بنانا ضروری ہے، اور یہ کام چند ایک تکنیک اختیار کر کے کیا جا سکتا ہے۔

پیج سپیڈ سے کیا مراد ہے؟

پیج سپیڈ سے مراد وہ سیکنڈز ہیں جو پیج کے لوڈ ہونے میں لگتے ہیں۔

ایس ای او کے لیے پیج سپیڈ کیوں اہم ہے؟

گوگل اپنے سرچ رزلٹ کی جو درجہ بندی کرتا ہے، یعنی کس لنک کو اوپر دکھانا ہے اور کس کو نیچے دکھانا ہے؟ اس درجہ بندی کے کچھ اصول مقرر کیے گئے ہیں، ان اصولوں میں پیج کی سپیڈ بھی شامل ہے، یعنی درجہ بندی کرتے وقت گوگل ویب سائٹ کی سپیڈ کو بھی دیکھتا ہے۔

یہ سب اس لیے ہے کہ ایک اعداد و شمار کے مطابق لوگ کسی بھی ویب سائٹ کے لوڈ ہونے کے لیے ۳ سیکنڈ سے زیادہ انتظار نہیں کرتے۔ تیزی سے لوڈ ہونے والی ویب سائٹس صارفین کو خوش کرتی ہیں۔

بہترین ویب پیج کون سا ہوتا ہے؟

عام طور پر اس ویب پیج کو بہترین قرار دیا جاتا ہے جو ۳ سیکنڈ سے پہلے لوڈ ہو جائے۔ اس کا مطلب ہے جو ویب سائٹ سست ہے اس کی سرچ رینکنگ متاثر ہو سکتی ہے۔ آپ کو اپنی رینکنگ بہتر بنانے اور اپنی سیلز بڑھانے کے لیے پیج سپیڈ پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

پیج سپیڈ بڑھانے کے 8 طریقے

اپنے صفحہ کی رفتار کو بہتر بنانے کے لیے، نیچے دیے گئے بہترین طریقوں پر عمل کریں۔

۱۔ تصاویر کو کمپریس کریں۔

تصاویر کا جتنا زیادہ سائز ہوتا ہے وہ لوڈ ہونے میں اتنا ہی زیادہ وقت لیتی ہیں۔ اس لیے تصاویر کو کمپریس کریں ان کا سائز کم سے کم رکھیں۔ لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ آپ تصویر کی کوالٹی ختم کر دیں۔ ایسی تکنیک اختیار کریں کہ کوالٹی پر فرق پڑے بغیر سائز کم ہو جائے۔ میں اس مقصد کے لیے ونڈوز کا اپنا ایک ٹول سنیپنگ ٹول استعمال کرتا ہوں۔ سنیپنگ ٹول سے میں اچھی تصویر کا سکرین شارٹ لیتا ہوں جس میں کوالٹی تو وہی رہتی ہے البتہ سائز چند کے بی رہ جاتا ہے۔

۲۔ ویڈیوز کی سیٹنگ

ویب سائٹ کو سست کرنے والے عناصر میں ایک ویڈیوز کا اپلوڈ کرنا بھی ہے۔ اس کا حل یہ ہے کہ ویڈیوز ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنے کے بجائے یوٹیوب پر اپلوڈ کریں اور اپنی ویب سائٹ پر ایمبیڈ کریں۔

ویڈیوز آٹو پلے کو آف کریں۔

۳۔ کیشے کو فعال کریں۔

کیشے ایک ایسا عمل ہے جسے آپ کیشے پلگ ان کے ذریعے فعال کرسکتے ہیں۔ یہ پلگ ان آپ کی ویب سائٹ کے کچھ جامد صفحات تیار کرتا ہے، اور وزٹر کو فورا دکھاتا ہے، یعنی لوڈنگ کا ٹائم نہیں لگتا۔ ورڈپریس کا پلگ ان wp superانسٹال کریں۔

٤۔CSSاور JSکو کم کریں۔

Minification ایک ایسا عمل ہے جو CSSاور JSفائلوں سے تمام غیر ضروری حروف کو ہٹاتا ہے (جیسے سفید جگہیں) اس سے وہ فائلیں سائز میں چھوٹی ہو جاتی ہیں۔

اس مقصد کے لیے منیفیکیشن پلگ ان کا استعمال کریں مثلا:wp-rocketیاW3 Total Cacheیاwp-optimizeوغیرہ۔

/https://wordpress.org/plugins/autoptimize

۵۔ہوسٹنگ تبدیل کریں۔

اگر اوپر بتائی گئی ہدایات پر عمل کرنے کے باوجود آپ کی ویب سائٹ سست ہے تو پھر اپنی ہوسٹنگ تبدیل کریں۔ شئیرد ہوسٹنگ وی آئی پی ہوسٹنگ سے سست ہوتی ہے۔

٦۔پلگ ان ختم کریں۔

ویب سائٹ کی رفتار میں بہت سارے پلگ انز کا بھی کردار ہوتا ہے، اس لیے غیر ضروری پلگ انز فوری طور پر ڈیلیٹ کریں اور صرف انتہائی ضروری پلگ ان ہی انسٹال کریں۔

۷۔پی ایچ پی کے تازہ ترین ورژن میں اپ گریڈ کریں۔

یہ ایک انتہائی تکنیکی کام ہے لیکن ایک ایسا کام جو آپ کی ویب سائٹ میں کوئی دوسری تبدیلیاں کیے بغیر بھی آپ کے صفحہ کی رفتار میں بہت بڑا فرق لا سکتا ہے۔

PHP پروگرامنگ لینگویج ہے جو بڑے CMS (بشمول ورڈپریس) کے ذریعہ استعمال ہوتی ہے۔ کئی سالوں سے، پی ایچ پی کے پیچھے ڈویلپر اس کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں اور نئے ورژن پرانے ورژن کے مقابلے میں بہت تیزی سے لوڈ ہوتے ہیں۔

اپنے ہوسٹنگ فراہم کنندہ سے پی ایچ پی کا وہ ورژن چیک کریں جو آپ استعمال کر رہے ہیں اور کسی ڈویلپر سے مشورہ کریں کہ آپ کی ویب سائٹ کو تازہ ترین ورژن میں اپ ڈیٹ کرنے میں کیا ضرورت ہے۔

۸۔پنگڈم ویب سائٹ اسپیڈ ٹیسٹ

Pingdom ویب سائٹ اسپیڈ ٹیسٹ آپ کی ویب سائٹ کے کسی صفحہ کا ٹیسٹ کرتا ہے اور اپ کو اس کی تفصیل بتاتا ہے جس میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں:

صفحہ کو لوڈ ہونے میں کتنے سیکنڈ لگتے ہیں۔

آپ کے صفحہ کا کل سائز (MB میں)

کسی صفحہ کے مکمل لوڈ ہونے تک عملدرآمد کی درخواستوں کی تعداد

ہر صفحہ کے عنصر کو لوڈ ہونے میں کتنا وقت لگا

اس ٹول کے بارے میں اچھی بات یہ ہے کہ آپ رفتار کی پیمائش کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کی ویب سائٹ مختلف ممالک میں کیسی کارکردگی دکھا رہی ہے۔

/https://tools.pingdom.com

شکریہ

آن لائن سٹور کے ہوم پیج کی ایس ای او

(سید عبدالوہاب شاہ)

آن لائن دکان کے ہوم پیج کی بہترین ایس ای او کرنا نہایت ہی ضروری ہے۔ کیونکہ یہ آپ کے سٹور کا دروازہ بھی ہے اور چہرہ بھی ہے۔ اگر دروازہ جلدی نہیں کھلے گا، یا چہرہ خوبصورت نہیں ہو گا تو کسٹمر واپس ہو جائیں گے۔

اور اگر آپ کے سٹور کا ہوم پیج گوگل کے الگورتھم کے مطابق اصلاح شدہ نہیں ہے تو کسٹمرز کو یہ سٹور نظر ہی نہیں آئے گا۔

ہوم پیج کو کسٹمرز اور گوگل سرچ دونوں کے لیے فرینڈلی ہونا ضروری ہے۔

آپ کا ہوم پیج چند ضروری چیزوں سے مزین ہونا چاہیے مثلا:

- آپ کون ہیں؟
- آپ کیا بیچ رہے ہیں؟
- آپ سے ہی کیوں خریدا جائے؟
- آپ سے رابطہ کیسے ممکن ہے؟
- کسٹمر اپنی مطلوبہ چیز کو کتنی جلدی تلاش کر سکتا ہے؟

ہوم پیج کی اہمیت کیوں ہے؟

ہوم پیج ہی آپ کی کمپنی یا دکان کی نمائندگی کرتا ہے۔

ہوم پیج ہی آپ کا چہرہ ہے جسے دیکھ کر کسٹمر کوئی فیصلہ کرتا ہے۔

ہوم پیج ہی وہ جال ہے جس کسٹمر کو روک سکتا ہے۔

ہوم پیج ہی وہ صفحہ ہے جس پر لوگ نئی مصنوعات دیکھنے دبارہ آتے ہیں۔

آن لائن سٹور کے ہوم پیج کی ایس ای او کیسے کریں؟

ہوم پیج کی اصلاح کے دو حصے ہیں۔

ایک حصہ ایس ای او کرنا ہے۔

دوسرا حصہ ہوم پیج کی کسٹمرز کے لیے اصلاح کرنا ہے۔

ہوم پیج کی اصلاح کے یہ دونوں حصے نہایت ہی اہم ہیں، اور ضروری بھی ہیں۔

1۔ کسٹمرز کے لیے ہوم پیج کی اصلاح

1. ہوم پیج کے سب سے اوپر ایسا مواد ہونا چاہیے جو آنے والے کسٹمر کو متاثر کر دے۔ اوپر والے حصے سے مراد پیج کا وہ حصہ ہے جو سکرول کیے بغیر سب سے پہلے نظر آتا ہے، یہی وہ حصہ ہے جو آپ کے کسٹمر کو مزید سکرول کرنے یا نہ کرنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ اس لیے اس حصے کو ایسے ڈیزائن کرنا چاہیے کہ آنے والا کسٹمر کچھ دیر اسے دیکھنے یا پڑھنے پر مجبور ہو جائے۔
2. اسی اوپر والے حصے میں آپ کا لوگو بھی ہوتا ہے، جو آپ کے سٹور یا کمپنی کی نمائندگی کر رہا ہوتا ہے۔ اور لوگو کے ساتھ ایک مختصر سا جملہ جو آپ کے مقصد کو ظاہر کر رہا ہوتا ہے۔
3. تیسری چیز جو اوپر والے حصے میں ہونا ضروری ہے وہ رابطے کی معلومات ہیں، یعنی کوئی آپ سے رابطہ کرنا چاہے تو کن کن ذرائع سے رابطہ کر سکتا ہے۔
4. چوتھی چیز جو اوپر والے حصے میں ہونا ضروری ہے وہ مینیو بار ہے۔ جس میں آپ کی ویب سائٹ کے اہم پیجز، اور دیگر اہم لنکس، پوسٹس وغیرہ کے لنک دیے گئے ہوں۔
5. پانچویں چیز جو اوپر والے حصے میں ہونا چاہیے وہ سرچ بار ہے۔ یعنی کوئی شخص اگر آپ کی ویب سائٹ پر کچھ تلاش کرنا چاہتا ہے تو وہاں لکھے اور آسانی سے تلاش کر سکے۔

6. چھٹی چیز ای میل سبسکرائب یا فالو کا بٹن ہونا چاہیے، تاکہ لوگ اپنا ای میل لکھ کر آپ کو فالو کر سکیں اور پھر آئندہ کے لیے آپ کی پوسٹس ان کو نظر آئیں اور ان کے موبائل پر آپ کا نوٹیفکیشن موصول ہو سکے۔

توجہ طلب بات

آپ اپنے سٹور کو ڈیزائن کرتے وقت دنیا کے مشہور آن لائن سٹورز کو دیکھ کر ان سے بھی آئیڈیا لے سکتے ہیں۔ مثلاً ایمزون وغیرہ۔

اپنی ویب سائٹ کو ڈیزائن کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ۸۰٪ لوگ موبائل سے وزٹ کرتے ہیں، لہذا آپ کی ویب سائٹ موبائل فرینڈلی ہونی چاہیے۔

۲۔ ہوم پیج کی سرچ انجن کے لیے اصلاح

ویب سائٹ کی سرچ انجن اصلاح کے لیے بہت ساری چیز ضروری ہیں۔

1. ان میں پہلی چیز ویب سائٹ سیکورٹی یعنی ایس ایس ایل ہے۔
2. دوسری چیز ہوم پیج کا ٹائٹل ہے۔
3. تیسری چیز ہوم پیج کی تفصیل ہے۔
4. چوتھی چیز ایچ ون ٹیگ کا استعمال ہے۔
5. پانچویں چیز اپنے مواد میں متعلقہ کی ورڈز کا استعمال ہے۔
6. تصاویر کا استعمال
7. سٹرکچرڈ ڈیٹا
8. فوٹر کی اصلاح

1۔ سیکورٹی (ایس ایس ایل)

ای کامرس ویب سائٹ کے لیے اپنے سرور پر ایک محفوظ سرٹیفکیٹ کا انسٹال اور کنفیگر ہونا ضروری ہے۔

ایک SSL اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کی ویب سائٹ اور سرور کے درمیان منتقل ہونے والی تمام معلومات محفوظ ہیں، مثلاً: صارف کا نام، آرڈر کی معلومات، ادائیگی کی تفصیلات وغیرہ۔ یہ چیزیں محفوظ سرور مواصلات کے ذریعے منتقل ہوتی ہیں۔

آپ کی ویب سائٹ کا Https ہونا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ یہ SEO کے لیے بہت اچھا ہے۔ اور یہ آپ کو ایس ایس ایل کے ذریعے مل سکتا ہے۔ یہ صارف کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے۔ جب آپ کے پاس SSL انسٹال ہوتا ہے، تو براؤزر ونڈو میں (success) لفظ دکھایا جاتا ہے، اس سے صارف کا اعتماد بڑھتا ہے۔



2۔ ٹائٹل کو کیسے بہتر کریں۔

ویب سائٹ پر کسی بھی قسم کے مواد کے لیے ٹائٹل کا ہونا بہت اہم ہے۔ ٹائٹل کے ذریعے ہی سرچ انجن کو پتا چلتا ہے کہ یہ کیا مواد ہے۔ لہٰذا ٹائٹل کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

ٹائٹل ساٹھ حروف کے قریب قریب ہونا چاہیے۔

ٹائٹل میں مواد سے متعلقہ کی ورڈز ہونا چاہیے۔

ٹائٹل متوجہ کرنے والے الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ مثلاً مفت کتابیں، 50٪ ڈسکاؤنٹ وغیرہ

3۔ ہوم پیج کی ڈسکرپشن

ہوم پیج کی ڈسکرپشن ایس ای او میں بہت اہمیت رکھتی ہے۔ کم از کم 160 حروف پر مشتمل ڈسکرپشن لکھیں۔ اکثر گوگل اپنے سرچ رزلٹ میں یہ ڈسکرپشن بھی دکھاتا ہے۔ لیکن ضروری نہیں کہ جو ڈسکرپشن آپ نے لکھی ہے گوگل اسے ہی دکھائے گا۔ کبھی گوگل آپ کے مواد میں سے کوئی اور پیراگراف اٹھا کر بھی دکھا دیتا ہے۔ اگر آپ کا مواد کوئی پراڈکٹ ہے تو پھر ڈسکرپشن میں رابطہ نمبر شامل کرنا بھی بہتر ہے۔

4۔ H1 ٹیگ کا استعمال

ایچ ون ٹیگ (<h1></h1>) سے مراد فارمیٹنگ ٹول بار میں دیا ہوا کوڈ ہے جسے آپ اپنے تحریری مواد کو سنوارنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ایچ ون ٹیگ مواد کے عنوان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، یہ ایک کوڈ ہوتا ہے جسے اپلائی کرنے کے بعد پڑھنے والے کو عنوان واضح نظر آتا ہے جبکہ گوگل کو مواد کی پہچان کرنے میں آسانی رہتی ہے۔ اس ٹیگ کو اپلائی کرنے کے بعد اپنی مرضی سے عنوان کو مزید بڑا یا چھوٹا بھی کر سکتے ہیں۔

ان ٹیگز کو ترتیب سے استعمال کرنا چاہیے، یعنی سب سے پہلے ایچ ون، پھر ایچ ٹو، پھر ایچ تھری، پھر ایچ فور وغیرہ

5۔ تحریری مواد اور کی ورڈز

اگر آپ کی ویب سائٹ آرٹیکلز، بلاگ پر مشتمل ہے تو پھر یقیناً اس پر تحریری مواد موجود ہو گا، لیکن اگر آپ کی ویب سائٹ ای کامرس ہے یعنی پراڈکٹس ہیں تو پھر بہت سارے لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ صرف تصاویر کی صورت میں اپنی پراڈکٹ کو پیش کرتے ہیں ان کے ساتھ کوئی تحریری مواد نہیں لکھتے۔ یاد رکھیں ایس ای او کے لحاظ سے یہ بہت بڑی غلطی ہے۔

آپ کی پراڈکٹ کی تصاویر کے ساتھ اچھی خاصی تفصیل تحریری شکل میں موجود ہونی چاہیے، اور اس تحریر میں ایک سے زائد بار متعلقہ کی ورڈز کا استعمال کیا گیا ہو۔ کیونکہ لوگ جب کوئی چیز سرچ کرتے ہیں تو وہ سرچ انجن میں الفاظ لکھتے ہیں، اور گوگل ان الفاظ کو سرچ کرتا ہے، اگر آپ کی پراڈکٹ کے ساتھ الفاظ نہیں ہوں گے تو آپ کی پراڈکٹ سرچ رزلٹ میں نہیں نظر آئے گی۔

پراڈکٹ کے ساتھ تحریری مواد لکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ اسی پراڈکٹ سے متعلق دوسروں نے جو مواد تحریر کیا ہے آپ ان سے تھوڑا مختلف مواد تحریر کریں، تاکہ گوگل جب انہیں دکھائے تو ساتھ آپ کی پراڈکٹ کا تحریری مواد مختلف ہونے کی وجہ سے اسے بھی ایک اور آپشن کے طور پر دکھائے۔

6۔ تصاویر کی ایس ای او

اپنی ویب سائٹ پر تصاویر استعمال کرتے وقت ان کی ایس ای او کا خیال رکھنا بھی نہایت ضروری ہے۔ آپ سوچیں گے تصاویر کی ایس ای او کیسے ہو سکتی ہے؟ تو چلیں چند چیزیں تصویر کی ایس ای او سے متعلق نوٹ کریں:

- تصویر اپلوڈ کرنے سے پہلے اس کو وہی نام دیں جو پراڈکٹ کا نام ہے یا جس چیز سے متعلق تصویر ہے۔
- تصویر پر رائٹ کلک کر کے پراپرٹی پر کلک کریں۔

پھر ڈیٹیل ٹیب پر کلک کریں۔

اب آپ کے سامنے کافی سارے آپشنز آئیں گے:

ٹائٹل

سبجیکٹ

ریٹنگ

ٹیگز

کمنٹ

وغیرہ۔ جتنی چیزیں یہاں آپ لکھ سکتے ہیں لکھیں اور پھر سیو کر دیں۔ اس سارے عمل کو آف لائن ایس ای او، یا اپلوڈ سے پہلے ایس ای او کہا جاتا ہے۔ سرچ انجن کے بوٹ ان تمام چیزوں کو پڑھتے ہیں۔

نوٹ:اگر تصویر JPGفارمیٹ میں ہو توکافی آپشن نظر آتے ہیں، لیکن PNGفارمیٹ میں ہو تو کم آپشن نظر آتے ہیں۔

- تصاویر کی آپٹائزیشن میں دوسری چیز تصویر کے سائز کو کم سے کم رکھنا ہے۔کیونکہ زیادہ سائزوالی تصویر لوڈ ہونے میں بہت وقت لیتی ہے جس سے ہوم پیج کے لوڈ ہونے میں کافی وقت لگتاہے جو کہ ایس ای او کے لیے بری بات ہے۔اس مقصد کے لیے بہت سارے آن لائن اور آف لائن ٹولز دستیاب ہیں، مثلاimageoptim۔

https://imageoptim.com/versions.html

- تصویر اپلوڈ کرنے کے بعد ورڈپریس کی گیلری میں جب تصویر کو سلیکٹ کیا جائے تو وہاں پر بھی تصویر کی ڈسکرپشن اور کیپشن لکھیں۔یہاں پر بھی متعلقہ کی ورڈز کا استعمال کریں۔

7۔ سٹرکچرڈ ڈیٹا یا اسکیمامارک اپ

ہوم پیج ایس ای او کے لیے ایک بہت ہی اہم چیز سٹرکچرڈ ڈیٹاہے۔سٹرکچرڈ ڈیٹاسے مراد یہ ہے کہ آپ کا پیج کس چیز سے متعلق ہے، اور آپ کون ہیں؟

اس سوال کو گوگل کے لیے آسان بنانے کے لیے سٹرکچرڈ ڈیٹااور اسکیمامارک اپ کا استعمال کیا جاتا ہے۔جو ویب ڈویلپرز خود کوڈنگ جانتے ہیں وہ یہ کام خود ہی کرتے ہیں، لیکن جو نہیں جانتے وہ یہ کام مختلف آن لائن ٹولز اور پلگ انز کے ذریعے کرتے ہیں، جہاں آپ نے صرف اپنی تفصیلات فراہم کرنی ہوتی ہیں، وہ ٹولز اسے کوڈنگ میں تبدیل کر دیتی ہیں۔اور آپ نے وہ کوڈ کاپی کرکے اپنی ویب سائٹ کے ہیڈ میں پیسٹ کرنا ہوتا ہے۔اس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل ٹولز کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

Schema.org

Schema Markup Generator

/https://technicalseo.com/tools/schema-markup-generator

وغیرہ۔

اور اگر آپ یہ کام کسی پلگ ان کی مدد سے کرتے ہیں تو یہ اور بھی آسان ہو جاتا ہے۔

8۔ فوٹر

ویب سائٹ میں فوٹر کی بھی بہت اہمیت ہے، فوٹر میں آپ اپنی ویب سائٹ کی اہم چیزوں کو نمایاں کر سکتے ہیں۔ فوٹر آپ کی ویب سائٹ کے تمام صفحات پر نظر آتا ہے۔

یہاں آپ اپنے دیگر پیجز کے لنک دے سکتے ہیں۔

زیادہ پاپولر پراڈکٹس کو نمایاں کر سکتے ہیں۔

لوگوں کو ای میل فالو کرنے کی ترغیب دے سکتے ہیں۔

اپنا رابطہ، ایڈریس، کال ٹو ایکشن بٹن دے سکتے ہیں۔

اپنی کمپنی کا لوگو دے سکتے ہیں۔

خلاصہ

ہوم پیج تیار کرتے وقت لوگوں اور سرچ انجن کی ضرورت کا خیال رکھیں۔ اپنی خواہش کو پورا نہ کریں۔ ہو سکتا ہے آپ کی خواہش ہو پیج پر فلاں فلاں گرافکس استعمال کیے جائیں لیکن یہ آپ کی ویب سائٹ کے لیے اچھا نہیں، ایک ہلکی پھلکی، موبائل فرینڈلی، اور سرچ انجن آپٹیمائزڈ، لوگوں کی ضرورت پورا کرنے والی ویب سائٹ ہی بہتر ہے۔

شکریہ

ایس ای او آڈٹ کے لیے ۱۰ ٹولز

(سید عبدالوہاب شاہ)

ایس ای او آڈٹ کیا ہے؟

ایس ای او آڈٹ کا مطلب ہے اپنی ویب سائٹ کا ایسا جائزہ لینا جس میں آپ ان عوامل کو تلاش کر سکیں جو آپ کی ویب سائٹ کی پوزیشن خراب کرتے ہیں، اور آپ کی ویب سائٹ کی گوگل رینکنگ بھی خراب ہو جاتی ہے۔

ہر ویب سائٹ کے مالک کو اپنی ویب سائٹ کا آڈٹ ضرور کرنا چاہیے۔ ہر صفحے کا الگ الگ آڈٹ کرنا بہت مشکل کام ہے۔ لیکن اس مشکل کام کو چند ایسے ٹولز ہیں جو آسان بنا دیتے ہیں۔ آج کے اس آرٹیکل میں ہم آپ کو ایسے ہی دس بہترین آڈٹ ٹولز کے بارے بتائیں گے، ان میں سے کچھ مفت ہیں اور کچھ خریدنے پڑتے ہیں۔

ایس ای او آڈٹ ٹولز:

۱۔SEMrushسائٹ آڈٹ ٹول

- ایک طاقتور SEO آڈٹ سافٹ ویئر ہے جو آپ کو SEO عوامل کو اینالائز کرنے کے لیے درکار ہر چیز فراہم کرتا ہے۔
- SEMrush SEO ٹولز ایک زبردست ٹول ہے جو آپ کی ویب سائٹ کے کی ورڈز سے لے کر رینکنگ پوزیشن تک تمام چیزیں بتاتا ہے۔
- SEMrush SEO ویب سائٹ کی ٹیکنیکل ایس ای او کی کارکردگی بتاتا ہے۔
- SEMrush SEO آپ کی ویب سائٹ کی صحت کا سکور بھی بتاتا ہے۔
- SEMrush SEO ایسے چارٹ پیش کرتا ہے جن میں آپ کی ویب سائٹ کی رفتار، مواد کے مسائل، JS اور CSS کی غلطیاں دکھاتے ہیں۔
- SEMrush SEO ہر ہفتے ۱۰۰ صفحات کا مفت آڈٹ فراہم کرتا ہے جبکہ مزید آڈٹ کے لیے معاوضہ دے کر خریدنا پڑتا ہے۔

https://www.reliablesoft.net/tools/semrush-siteaudit

۲۔گوگل سرچ کنسول

- گوگل کا فراہم کردہ یہ ٹول مفت ہے، گوگل سرچ کنسول آپ کی ویب سائٹ کی نگرانی کرتا ہے اور خرابیوں کی تشخیص کرتا ہے۔
- گوگل سرچ کنسول میں ویب سائٹ آڈٹ کے کئی ٹولز موجود ہیں۔
- گوگل کنسول آپ کے پیجز کی کارکردگی بتائے گا کہ کون سے جلدی لوڈ ہوتے ہیں اور کون سے سست ہیں۔
- گوگل کنسول آپ کی ویب سائٹ کی موبائل پر پرفامنس کے بارے بھی بتاتا ہے۔اگر کوئی مسئلہ ہے تو مسئلہ بھی بتائے گا اوران صفحات کی فہرست بھی دے گا۔

https://search.google.com/search-console/about

۳۔سائٹ چیکر پرو

SiteChecker Pro ایک کلاؤڈ پر مبنی ویب کرالر ہے جو آپ کو اپنی ویب سائٹس کے تکنیکی SEO مسائل کی نشاندہی کرنے کی سہولت دیتا ہے۔

SiteChecker Pro میں دیگر SEO خصوصیات کی سہولت بھی ہے جس میں رینک ٹریکنگ، سائٹ کی نگرانی، اور بیک لنک ٹریکنگ شامل ہیں۔

آپ کی ویب سائٹ کو جب کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہے SiteChecker Pro آپ کو بذریعہ اطلاع دے دیتا ہے۔

SiteChecker Pro آپ کو مکمل گائیڈ بھی کرتا ہے کہ آپ نے اس مسئلے کو کیسے حل کرنا ہے۔

SiteChecker Pro پلیٹ فارم 7 دن کا مفت ٹرائل پیش کرتا ہے۔اس کے بعد آپ کو معاوضہ دے کر یہ تمام سہولیات حاصل کرنا ہوں گیں۔

https://sitechecker.pro/?sscid=81k6_5y9r

٤. احریفسSEOسائٹ آڈٹ ٹول

Ahrefsبہت ہی مقبول آڈٹ ٹول ہے۔جو آپ کی سرچ کارکردگی، کی ورڈز، ویب سائٹ کی رفتار سمیت بہت سارے مسائل کو دیکھاتا ہے۔

Ahrefsٹول SEOکے اہم مسائل جیسے صفحہ کی رفتار، HTMLٹیگز، آنے والے لنکس، اور آوٹ گوئنگ لنکس کو چیک کرنے کے لیے آپ کے تمام ویب صفحات کو کرال کرتی ہے۔

Ahrefsپر آپ آڈٹ ہفتہ وار یاماہانہ بنیادوں پر کرنے کا شیڈول کر سکتے ہیں۔

Ahrefsپرانے آڈٹ اور نئے آڈٹ کے درمیان فرق کو بھی واضح کرتا ہے۔

Ahrefsکی سہولیات بامعاوضہ حاصل کی جاسکتی ہیں۔

https://ahrefs.com/site-audit

۵۔Screaming Frog SEO Spider

Screaming Frogایک بہتری سافٹ ویئر ہے جو آن پیج ایس ای او کے مسائل کو سامنے لانے اور انہیں حل کرنے کی سہولت دیتاہے۔

Screaming Frogآپ کوSEOکے تمام اہم عوامل کو چیک کرنے میں مدد کرتا ہے۔آپ ٹوٹے ہوئے لنکس، ڈپلیکیٹ مواد، ری ڈائریکٹ، اور اپنے میٹاڈیٹااور سائٹ کے فن تعمیر کا تجزیہ کر سکتے ہیں۔

Screaming Frogمحدود آڈٹ کی مفت سہولت دیتاہے جبکہ زیادہ آڈٹ کے لیے فیس دینی پڑتی ہے۔

/https://www.screamingfrog.co.uk/seo-spider

٦۔Bingویب ماسٹر ٹولز

Bingایک ایساپلیٹ فارم ہے جسےMicrosoftنے بنایاہے جو آپ کو سرچ انجن میں اپنی سائٹ کی کارکردگی کو ٹریک کرنے اور اس کے مسائل کو درست کرنے کی سہولت دیتاہے۔

Bing Site Scanٹول کے ساتھ، آپ اپنے ویب ماسٹر اکاؤنٹ سے سکین شروع کرسکتے ہیں۔اسکین مکمل کرنے کے بعد، رپورٹس کا ایک تفصیلی صفحہ ہوتا ہے جہاں آپ نتائج دیکھ سکتے ہیں۔یہ تفصیلات کا فوری جائزہ فراہم کرتا ہے جیسے اسکین کی حیثیت، اسکین کیے گئے صفحات کی تعداد، غلطیوں کی تعداد، اور انتباہات کی تعداد۔

اس کے بعد رپورٹ میں کرال کے دوران سامنے آنے والے تمام مسائل، غلطیوں اور انتباہات کی فہرست دی گئی ہوتی ہے۔

آپ ہر غلطی سے متاثر ہونے والے صفحات دیکھ سکتے ہیں اور مسئلے پر کلک کرکے آپ متاثر ہونے والے مخصوص صفحات دیکھ سکتے ہیں۔

https://www.bing.com/webmasters/about

۷۔گوگل لائٹ ہاؤس

گوگل لائٹ ہاؤس آپ کے ویب صفحات کے SEO معیار کو بڑھانے کے لیے ایک اوپن سورس ٹول ہے۔

گوگل لائٹ ہاوس کروم ایکسٹینشن کی شکل میں دستیاب ہے جسے آپ انسٹال کرسکتے ہیں۔

ایکسٹینشن کا استعمال کرتے ہوئے آڈٹ کرنے کے لیے، آپ کو اس ویب صفحہ پر جاناہو گا جس کا آپ تجزیہ کرناچاہتے ہیں۔اس کے بعد آپ آڈٹ چلاسکتے ہیں اور صفحہ پر رہتے ہوئے بھی نتائج دیکھ سکتے ہیں۔

گوگل لائٹ ہاوسSEO آڈٹ کے دوران سافٹ ویئر مندرجہ ذیل چیزوں کا جائزہ لیتاہے:

1. کیامیٹاٹائٹل موجودہے۔؟
2. کیامیٹاتفصیل موجودہے۔؟

3. کیا پیج پر ایک کامیاب HTTP اسٹیٹس کوڈ ہے۔؟
4. کیا ویب سائٹ کے لنکس کرال کے قابل ہیں۔؟
5. کیا robots.txt درست ہے۔؟
6. کیا سائٹ موبائل فرینڈلی ہے۔؟

گوگل لائٹ ہاؤس انفرادی صفحات کو اسکین کرنے کے لیے اچھا ہے لیکن ایک ساتھ بہت سارے صفحات کا آڈٹ کرنے کا کوئی موثر طریقہ اس میں موجود نہیں ہے۔

https://developer.chrome.com/docs/lighthouse/overview/

۸۔ پیج سپیڈ ٹول

PageSpeed Insights گوگل کا ایک اور SEO آڈٹ ٹول ہے۔ یہ ٹول آپ کے URLs پر ٹیسٹ کرتا ہے تاکہ آپ کو اس کی بنیاد پر اسکور فراہم کیا جا سکے۔

ٹول استعمال کرنے کے لیے، آپ کو پیج اسپیڈ سائٹ پر جانا ہوگا۔

PageSpeed Insights سنگل یو آر ایل کا فوری آڈٹ کرنے کے لیے بہت اچھا ہے لیکن آپ کی پوری سائٹ کے لیے اچھا کام نہیں کرتا ہے۔

https://pagespeed.web.dev/

۹۔ SERranking ویب سائٹ کا آڈٹ

SERanking کا SEO آڈٹ ٹول آپ کو صرف ویب سائٹ کا URL درج کر کے آڈٹ شروع کر دیتا ہے۔ یہ ٹول دومنٹ کے اندر 1,000 صفحات تک کرال کر سکتا ہے۔

آپ ہیلتھ سکور، کرال کیے گئے صفحات کی تعداد، سرفہرست پانچ مسائل جو آپ کو اپنی سائٹ کے SEO کو بہتر بنانے کے لیے درکار ہیں، اور مزید بہت کچھ دیکھ سکتے ہیں۔

اس سافٹ ویئر میں متعدد رپورٹس شامل ہیں جو آڈٹ کے نتائج میں مزید تفصیل فراہم کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک تفصیلی چارٹ ہے جس میں صفحات کی کل تعداد کو دکھایا گیا ہے جو فی الحال سرچ انجنوں کے ذریعے انڈیکس نہیں کیے گئے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ صفحات کو انڈیکس کرنے سے کیوں روکا گیا یہ بھی بتاتا ہے۔

https://seranking.com/?ga=1404709&source=link

۱۰۔ ایس ای او اینالائزر

SEO Analyzer میں کی ورڈز تحقیق، رینک ٹریکنگ، اور بیک لنک ٹریکنگ ٹولز شامل ہیں۔

غلطیوں کی فہرست میں، ٹول ان کو ٹھیک کرنے کے لیے مرحلہ وار ہدایات فراہم کرتا ہے۔

ٹول میں سائٹ کی رفتار کے لیے ایک سیکشن بھی ہے جو آپ کے ٹاپ پیجز کو لوڈ ہونے میں لگنے والے اوسط وقت کو ظاہر کرتا ہے۔

/https://neilpatel.com/seo-analyzer

شکریہ

ایس ای او کے دس بہترین کورسز سرٹیفکیٹ کے ساتھ

کسی بھی ویب سائٹ کو گوگل میں رینک کرنے کے لیے بہترین ایس ای او کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور ایس ای او میں مہارت حاصل کرنے کے لیے ایس ای او کورسز کرنا بھی ضروری ہیں۔ آج کے اس مضمون میں ہم آپ کو دس بہترین کورسز کے بارے بتاتے ہیں۔

گوگل کئی ایس ای او کورسز مفت فراہم کرتا ہے جنہیں گوگل کے ماہرین نے تیار کیا ہے۔ ان کورسز میں گوگل کی طرف سے وہ خاص ہدایات بھی ہوتی ہیں جو قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ایس ای او کو بہتر بنانے کے لیے اختیار کی جاسکتی ہیں۔

گوگل ایس ای او کورسز کا سرٹیفکیٹ نہیں جاری کرتا، البتہ گوگل کے کچھ دوسرے کورسز ہیں جن کا وہ سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے جیسے ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ای کامرس وغیرہ۔

ایس ای او کے دس بہترین کورس

1. Attract and Engage Customers (Google)
2. Get Started With Search (Google)
3. Get Discovered With Search (Google)
4. Make Search Work For You (Google)
5. Search Engine Optimization Starter Guide (Google)
6. The Complete SEO Course (Reliablesoft)
7. Google SEO Fundamentals (UCDavis)
8. Introduction to Google SEO (Coursera)
9. Google SEO Training Masterclass (Udemy)
10. Rank in Google With SEO (Udemy)

1۔ کسٹمر کو متوجہ اور مشغول کرنا۔(گوگل کا کورس)

اس کورس میں بنیادی طور پر دو چیزیں سکھائی جاتی ہیں:

ایک یہ کہ ایس ای او کو سمجھیں۔ اور دوسری یہ کے ایس ای او کو اپلائی کریں۔

تقریبا نو گھنٹے پر مشتمل اس کورس میں مندرجہ ذیل موضوعات کو سمجھایا جاتا ہے:

1. SEO کے بنیادی اصول
2. گوگل سرچ انجن کیسے کام کرتا ہے؟
3. گوگل ویب سائٹس کی درجہ بندی کیسے کرتا ہے؟
4. گوگل سرچ کے نتائج کی اناٹومی (SERPs)
5. الگورتھم تلاش کریں۔
6. SEO کے لیے مطلوبہ الفاظ کی تحقیق کیسے کریں۔
7. ویب سائٹ کا ڈھانچہ اور نیویگیشن
8. SEO کی لغت
9. ویب سائٹ کے مواد کو بہتر بنانا
10. SEO کے لیے تصاویر کو بہتر بنائیں
11. سٹرکچرڈ ڈیٹا مارک اپ اور SEO
12. گوگل سرچ کنسول کا تعارف
13. موبائل دوستانہ ویب سائٹس
14. گوگل سرچ کنسول کے ٹولز اور رپورٹس کا استعمال کیسے کریں۔
15. بنگ ویب ماسٹر ٹولز

اس کورس کو شروع کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

https://www.coursera.org/learn/attract-and-engage-customers?irclickid=xhLwaaR7axyIUeizap0BSzDkUkD3mUSxqS4yxc0&irgwc=1&utm_medium=partners&utm_source=impact&utm_campaign=3002325&utm_content=b2c

2۔ سرچ انجن (گوگل کورس)

گوگل کا یہ مفت کورس ٤٥ منٹ پر مشتمل ہے جس میں چھ اسباق پڑھائے جاتے ہیں۔

1. سرچ انجن کی بنیادی باتیں
2. سرچ انجن کیسے کام کرتے ہیں۔
3. سرچ انجن ویب کو کیسے دیکھتے ہیں۔
4. آرگینک سرچ کی وضاحت کی۔
5. پیڈ سرچ کی وضاحت کی۔
6. گوگل سرچ کنسول

یہ کورس بالکل بنیادی کورس ہے اور اس میں ایس ای او کی ابتدائی باتیں ہی سکھائی جاتی ہیں۔

یہ کورس یہاں سیکھیں

https://learndigital.withgoogle.com/digitalgarage/course/digital-marketing/module/5

3۔ سرچ کے ساتھ دریافت کرنا(گوگل کورس)

صرف ۳۵ منٹ کے دورانیے کے اس کورس میں پانچ اسباق پڑھائے جاتے ہیں:

1. سرچ انجن آپٹیمائزیشن کیا ہے۔
2. سرچ انجن کسی ویب سائٹ کو کیسے سمجھتے ہیں۔
3. SEO کے سب سے اہم عوامل کیا ہیں۔
4. اپنی ویب سائٹ کے لیے SEO پلان کیسے بنائیں
5. اپنی ویب سائٹ کو بہتر بنانے کے لیے صحیح مطلوبہ الفاظ کیسے تلاش کریں۔
6. مختصر دم اور لمبی دم والے مطلوبہ الفاظ کے درمیان فرق

اس کورس کے لیے رجسٹر ہوں

https://learndigital.withgoogle.com/digitalgarage/course/digital-marketing/module/6

Make Search Work For You (Google) .4

یہ کورس ۲۵ منٹ اور تین اسباق پر مشتمل ہے جس میں مندرجہ ذیل چیزیں سکھائی جاتی ہیں:

ٹائٹل، ٹیگز اور میٹا ڈسکرپشن آپٹیمائزیشن

مواد میں ہیڈنگ کی اہمیت

آف سیٹ ایس ای او

دوسرے لوگوں کو اپنی ویب سائٹ سے لنک کرنے کے لیے کیسے راغب کریں۔

سوشل میڈیا کے ذریعے اپنی ویب سائٹ کو فروغ دینا

اندرونی ایس ای او

کورس کے لیے یہاں سے رجسٹر ہوں

https://learndigital.withgoogle.com/digitalgarage/course/digital-marketing/module/7

5۔ ایس ای او سٹارٹر گائیڈ (گوگل کورس)

گوگل کی طرف سے آفیشل پیش کی جانے والی یہ گائیڈ کوئی کورس تو نہیں لیکن ہدایات پر مشتمل ایک بہترین مواد ہے جس میں ضروری اور اہم چیزوں کے بارے مکمل رہنمائی دی گئی ہے۔ اس ضرور پڑھنا چاہیے۔

اگر آپ کی انگلش اچھی ہے تو آپ اسے ایک گھنٹے میں پڑھ سکتے ہیں۔

پڑھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

https://developers.google.com/search/docs/beginner/seo-starter-guide

6۔ ایس ای او کا مکمل کورس (Reliable soft) اکیڈمی کا کورس

یہ ایک جامع کورس ہے جس میں بنیادی، انٹرمیڈیٹ، اور جدید SEO تصورات شامل ہیں۔

اس کورس اور گوگل کے آفیشل کورس میں یہ فرق ہے کہ یہاں آپ تھیوری کے ساتھ ساتھ ایس ای او کی تکنیک بھی سیکھیں گے۔

اس کورس میں مندرجہ ذیل موضوع سکھائے گئے ہیں:

اپنی ویب سائٹ کا تکنیکی آڈٹ کیسے کریں، اور کسی بھی غلطی کو کیسے درست کریں۔

آن پیج ایس ای او۔

آف پیج ایس ای او۔

کی ورڈ ریسرچ کیسے کریں۔

ای کامرس ویب سائٹ کی ایس ای او کیسے کریں۔

گوگل اینالائسٹک سے کیسے فائدہ اٹھائیں

اس کورس کو مکمل کرنے کے بعد ایک سرٹیفکیٹ بھی دیا جاتا ہے۔اس کورس کی فیس $۸۹ ڈالر ہے۔

یہاں رجسٹر کریں

https://www.reliablesoft.net/products/courses/seo-courses-bundle/

7۔ گوگل ایس ای او کے بنیادی اصول(UC Davis university)

یہ کورس ای ایس ای او ماہر ربیخ کامے نے پرھایاہے۔یہ کورس تیس گھنٹوں پر مشتمل ہے، جس میں آپ مندرجہ ذیل چیزیں سیکھتے ہیں:

صفحہ پر SEO کا تعارف

آف پیج SEO کا تعارف

تکنیکی SEO کا تعارف

کی ورڈ تھیوری اور ریسرچ

پانچ مہینوں پر مشتمل یہ کورس ۲٤۵ ڈالر میں کیا جاسکتا ہے۔اس کورس کے اختتام پر سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا جاتا ہے۔

یہ کورس مبتدی کے لیے مفید ہے لیکن یہ کورس پانچ سال پہلے لانچ کیا گیا تھا اور اب بہت کچھ بدل چکا ہے۔

کورس کے لیے کلک کریں۔

https://www.coursera.org/learn/seo-fundamentals?irclickid=xhLwaaR7axyIUeizap0BSzDkUkD3miRtqS4yxc0&irgwc=1&utm_medium=partners&utm_source=impact&utm_campaign=3002325&utm_content=b2c

8۔ گوگل SEO کا تعارف (کورسیرا)

کورسیرا آن لائن کورسز

یہ کورس ١٤ گھنٹوں اور چار اسباق پر مشتمل ہے۔ جس میں مندرجہ ذیل موضوعات سکھائے جاتے ہیں:

1. سرچ انجن کیسے کام کرتے ہیں۔
2. SEO کا ارتقاء
3. موجودہ SEO کے بہترین طریقے
4. سرچ انجن الگورتھم کا تعارف
5. SEO کے بہترین طرز عمل اور درجہ بندی کے عوامل
6. کور ویب وائٹلز
7. EAT & YMYL
8. فیچرڈ اسنیپٹس اور رچ اسنیپٹس
9. کی ورڈ کی اصلاح کا ارتقاء

10. اپنے مطلوبہ کی ورڈ کی حکمت عملی کو مضبوط بنانا
11. برانڈنگ ویب سائٹ کی درجہ بندی کو کیسے متاثر کرتی ہے؟

ایس ای اور کے جدید تصورات کو سمجھنے کے لیے یہ ایک بہترین کورس ہے۔

کورس کے لیے یہاں رجسٹر ہوں۔

https://www.coursera.org/learn/search-engine-optimization?irclickid=xhLwaaR7axyIUeizap0BSzDkUkD3mIwpqS4yxc0&irgwc=1&utm_medium=partners&utm_source=impact&utm_campaign=3002325&utm_content=b2c

9۔ گوگل SEO ٹریننگ ماسٹر کلاس (Udemy)

Udemy آن لائن کورسز

اس کورس میں ایس ای او کی ابتدائی کلاسز سے اعلیٰ درجے تک کی تعلیم دی گئی ہے۔ یہ سب سے زیادہ فروخت ہونے والا کورس ہے۔
اس کورس میں مندرجہ ذیل موضوعات پر لیکچر دیے گئے ہیں:

1. اپنی ویب سائٹ کے لیے یا بطور فری لانسر SEO کیسے کریں۔
2. گوگل اور دیگر سرچ انجنوں پر اپنے صفحات کی درجہ بندی کیسے کریں۔
3. اپنے کاروبار کے لیے ٹھوس SEO حکمت عملی کیسے بنائیں
4. سرچ انجن کیسے کام کرتے ہیں (بشمول گوگل اور یوٹیوب)
5. ورڈپریس، Shopify، اور Wix پر SEO کے ساتھ کیسے کام کریں۔

یہ کورس Udemy کا سب سے بہترین کورس ہے اور سولہ گھنٹوں پر مشتمل ہے۔

اس کورس کے لیے یہاں رجسٹر ہوں۔

https://www.udemy.com/course/seo-with-google-other-large-platforms-to-get-great-scale/?ranMID=39197&ranEAID=1YJHNy2uC4M&ranSiteID=1YJHNy2uC4M-F_hKzNjk2xeo0ZKLr93cTw&LSNPUBID=1YJHNy2uC4M&utm_source=aff-campaign&utm_medium=udemyads

10۔ رینکنگ بذریعہ ایس ای او

Udemy آن لائن کورسز

یہ کورس ۹ گھنٹوں پر مشتمل ہے۔ اور مندرجہ ذیل موضوعات پر مشتمل ہے:

1. اپنی ویب سائٹ کے لیے نیچ کا انتخاب کیسے کریں۔
2. SEO کی ورڈز کیسے تلاش کریں۔
3. اپنی ویب سائٹ پر آنے والوں کو زیادہ وقت تک کیسے رکھیں
4. اپنی ویب سائٹ کے لیے بیک لنکس کیسے حاصل کریں۔
5. SEO آڈٹ کیسے چلائیں۔
6. اپنے Googe EAT سکور کو کیسے بہتر بنائیں

اس کورس کے لیے رجسٹر ہوں۔

https://www.udemy.com/course/complete-seo-training-2020-easy-seo-for-wordpress-websites/?ranMID=39197&ranEAID=1YJHNy2uC4M&ranSiteID=1YJHNy2uC4M-

cq.967e21VIs9ndoJdsgIA&LSNPUBID=1YJHNy2uC4M&utm_source=aff-campaign&utm_medium=udemyads

ان کورسز کے علاوہ ہم آپ کو یہاں ایک لنک فراہم کر رہے ہیں، جہاں چند دن بعد ایس ای او سے متعلق تازہ ترین آرٹیکلز پبلش کیے جاتے ہیں۔ آپ ان آرٹیکلز، سٹوریز سے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

www.NuktaGuidance.com

شکریہ

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

ٹیکنیکل ایس ای او کے 7 بہترین کورسز

یہ بات آپ کے علم میں ہو گی کہ ایس ای او تین طرح کی ہوتی ہے۔ ایک آن پیج ایس ای او، دوسری آف پیج ایس ای او، اور تیسری ٹیکنیکل ایس ای او۔

ایس ای او ماہر بننے کے لیے تینوں طرح کی ایس ای او میں مہارت پیدا کرنا ضروری ہے۔ لیکن آج کی اس تحریر میں ہم آپ کو تیسری قسم یعنی ٹیکنیکل ایس ای او کے دس بہترین کورسز کے بارے بتائیں گے۔

ٹیکنیکل SEO کیا ہے؟

ٹیکنیکل SEO اس بات کو یقینی بنانے کا عمل ہے کہ ایک ویب سائٹ جدید سرچ انجنوں کی تکنیکی ضروریات کو پورا کرتی ہے جس کا مقصد آرگینک رینکنگ کو بہتر بنانا ہے۔ تکنیکی SEO کے اہم عناصر میں کرالنگ، انڈیکسنگ، رینڈرنگ، اور ویب سائٹ کا فن تعمیر شامل ہے۔

۱۔ ڈی جی سکلز فری ایس ای او کورس

پہلا کورس اردو زبان میں ہے اور بالکل مفت ہے۔ اس کورس میں، آپ اس بارے میں سیکھیں گے کہ گوگل اور بنگ کیا ہیں، سرچ کیسے کام کرتی ہے، سرچ انجن ویب سائٹس کی درجہ بندی کیسے کرتے ہیں، گوگل حتمی سرچ انجن کیوں ہے، گوگل کے الگورتھم میں پسندیدہ بننے کے لیے اسے کیا ضرورت ہے، آپ کیسے اعلیٰ درجہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگرچہ یہ کورس ایس ای او کا مکمل کورس ہے لیکن آپ اس میں سے خاص وہ ویڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں جو ٹیکنیکل ایس ای او سے متعلق ہیں۔

کورس دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

/https://www.etobs.com/digiskills-free-online-courses

۲۔ ٹیکنیکل ایس ای او فری اردو کورس

ٹیکنیکل ایس ای او کا یہ کورس بھی اردو زبان میں ہے جسے ایک یوٹیوبر نے بڑی محنت سے چند ایک ویڈیو میں سکھایا ہے۔ اس کورس میں صرف ٹیکنیکل ایس ای او کے بارے مکمل گائیڈ کیا گیا ہے۔

یہ کورس دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

https://www.etobs.com/technical-seo-course

3۔ ٹیکنیکل ایس ای او فل کورس

یہ کورس(Reliablesoft)اکیڈمی کی طرف سے کرایا جاتا ہے، جس کی فیس ۸۹$ ہے۔ انگریزی زبان میں دس گھنٹوں کی ویڈیوز پر مشتمل یہ کورس ٹیکنیکل ایس ای او کے تمام امور کا احاطہ کرتا ہے۔

اس کورس میں آپ کو مندرجہ ذیل چیزیں سکھائی جاتی ہیں۔

- ٹیکنیکل ایس ای او کیا ہے۔
- گوگل سرچ کنسول کی سیٹنگ کیسے کریں۔
- کرالنگ اور انڈیکسنگ
- روبوٹس ڈاٹ ٹیکسٹ کی سیٹنگ
- یو آر ایل ڈھانچہ کی تشکیل
- ایکس ایم ایل سائٹ میپ
- اسکیما مارک اپ کا استعمال
- بریڈ کرمب کی سیٹنگ
- انٹرنیشنل ایس ای او
- مختلف زبانوں کی ویب سائٹ
- ٤٠٤ پیج کی سیٹنگز وغیرہ

اس کورس کی تکمیل پر سرٹیفکیٹ بھی دیا جاتا ہے۔

کورس کے لیے یہاں کلک کریں:

/https://www.reliablesoft.net/products/courses/seo-courses-bundle

٤۔ ٹیکنیکل ایس ای او ٹریننگ (یوسٹ اکیڈمی)

یوسٹ ورڈپریس کا مشہور ایس ای او پلگ ان ہے۔ یہ کمپنی اور بھی کچھ سافٹ ویئر بناتی ہے، یہ کورس انگلش زبان میں سولہ گھنٹوں کی ویڈیوز پر مشتمل ہے، اور نئے سیکھنے والوں کے لیے بہت ہی بہتر کورس ہے۔ یہ کورس اگرچہ مفت ہے لیکن صرف ان لوگوں کے لیے مفت ہے جنہوں نے یوسٹ پلگ ان خرید رکھا ہو۔

اس کورس میں مندرجہ ذیل امور سکھائے گئے ہیں:

- SEO کیا ہے اور سرچ انجن کیسے کام کرتے ہیں۔
- SEO میں میٹا ٹیگز کا استعمال کیسے کریں۔
- HTML کیسے کام کرتا ہے۔
- اپنی سائٹ کی کرال کی صلاحیت کو کیسے بہتر بنائیں
- اپنی سائٹ کے صفحہ کی رفتار کو کیسے بہتر بنایا جائے۔

اس میں درج ذیل ماڈیولز شامل ہیں:

1. جامع SEO اور سرچ انجن کا تعارف
2. HTTP کیا ہے؟
3. میٹا ٹیگز کیا کرتے ہیں؟
4. ہر وہ چیز جو آپ کو HTML کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے۔
5. پوری سائٹ پر کرال ایبلٹی کو بہتر بنائیں
6. سرور سائڈ سائٹ کی رفتار پر کام کرنا

اس کورس کے اختتام پر سرٹیفکیٹ بھی دیا جاتا ہے۔ یہ کورس کرنے کے لیے یہاں کلک کریں:

/https://yoast.com/academy/technical-seo-training

۵۔ ٹیکنیکل ایس ای او(SEMRush)

دنیا کی مشہور ای ای او کمپنی سمرش اکیڈمی کی طرف سے پانچ گھنٹے پر مشتمل یہ مفت کورس بہت ہی مفید کورس ہے۔ ایس ای او کے لیے سمرش کے اپنے ٹولز ہوتے ہیں جنہیں آپ کورس کے دوران مفت استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ان کے ٹولز نہ بھی خریدنا چاہیں پھر بھی یہ کورس بہت مفید ہے۔ اس کورس میں مندرجہ ذیل چیزیں سکھائی جاتی ہیں:

1. اندرونی لنکنگ-اندرونی لنکس کو استعمال کرنے کے بہترین طریقے۔
2. کرالنگ اور انڈیکسیشن: ویب کرالر کو کنٹرول کرنے کے بہترین طریقے
3. ایڈوانسڈ کرالنگ اور انڈیکسیشن –سرچ انجن کرالرز کے کام کرنے کے طریقے کی گہری سمجھ
4. HTTP رسپانس کوڈز-مختلف HTTP رسپانس کوڈز کا کیا مطلب ہے۔
5. لاگ فائلیں-لاگ فائلوں سے کیسے نمٹا جائے۔
6. بین الاقوامی SEO-اپنے ہدف والے ممالک اور کاروبار کے لیے آپ جو زبانیں استعمال کرتے ہیں ان کی آسانی سے شناخت کرنے میں سرچ انجنوں کی مدد کیسے کریں۔
7. ویب پرفارمنس-اپنی ویب سائٹ کی کارکردگی کو کیسے بہتر بنائیں اور HTTPS اور HTTP/2 کو لاگو کریں۔
8. ٹیکنالوجی جانیں کہ جب سٹرکچرڈ ڈیٹا، JavaScript SEO،AMP، اور موبائل فرسٹ انڈیکسنگ کی بات آتی ہے تو کن چیزوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

اس کورس کی تکمیل پر بھی سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے۔

کورس کے لیے یہاں کلک کریں۔

https://www.semrush.com/academy/courses/technical-seo-course-with-bastian-grimm

٦۔ ٹیکنیکل ایس ای او کورس (سی ایکس ایل انسیٹیوٹ)

اگر آپ ٹیکنیکل ایس ای او کی گہرائی میں غوطہ لگانا چاہتے ہیں تو پھر یہ کورس آپ کے لیے ہے۔ یہ پیچیدہ کورس ہے جو بگنرز کے لیے نہیں ہے۔ نہایت ہی پیچیدہ قسم کی ویب سائٹس کی سیٹنگ کرنے کے لیے یہ کورس ترتیب دیا گیا ہے، اس کی فیس سے بھی اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ صرف اڑھائی گھنٹے کے کورس کی فیس ١٣٠٠ ڈالر ہے۔

اس کورس میں مندرجہ ذیل چیزیں سکھائی جاتی ہیں:

1. تکنیکی SEO کی بنیادی باتیں
2. اپنے یو آر ایل کے ڈھانچے کو کیسے بہتر بنائیں اور سرچ انجنوں کو اپنی ویب سائٹ کے مخصوص علاقوں تک رسائی سے روکیں۔
3. کرالر کے رویے کو کیسے متاثر کیا جائے اور کرال کرنے کی صلاحیت کو کیسے بہتر بنایا جائے۔
4. XML سائٹ کے نقشے کیسے بنائیں اور بہتر بنائیں
5. سٹرکچرڈ ڈیٹا مارک اپ اور اسکیموں کے استعمال کے ذریعے آپ کے مواد کو سمجھنے میں سرچ انجنوں کی مدد کیسے کی جائے۔
6. اپنے صفحہ کی رفتار کو کیسے بہتر بنائیں
7. کثیر لسانی ویب سائٹس کے لیے SEO کو کیسے ہینڈل کریں۔
8. تکنیکی SEO کا مستقبل کیسا لگتا ہے اس کا ایک جائزہ

اس کورس کے بارے میں مزید جانیں۔

/https://cxl.com/institute/online-course/technical-seo

۷۔ الٹیمیٹ ایس ای او ٹریننگ (Udemy)

پانچ گھنٹوں پر مشتمل یہ کورس بھی مبتدی لوگوں کے لیے بنایا گیا ہے، جس کی فیس ۱۰۰ ڈالر ہے۔

اس کورس میں مندرجہ ذیل چیزیں سکھائی جاتی ہیں۔

گوگل اینالائسٹک اور گوگل سرچ کنسول کو کیسے ترتیب دیا جائے۔

سائٹ کی غلطیوں کو کیسے درست کریں۔

XML سائٹ کا نقشہ کیسے بنائیں۔

آپ یہ بھی سیکھیں گے:

کی ورڈ ریسرچ کیسے کی جائے۔

SEO کی رینکنگ کا مواد کیسے بنایا جائے۔

اپنی ورڈپریس سائٹ کو تیز کرنے کا طریقہ

SEO کے ساتھ صارف کے تجربے کو کیسے بہتر بنایا جائے۔

منفی SEO سے کیسے بچیں۔

یہ کورس کرنے کے لیے یہاں کلک کریں

/https://www.udemy.com/course/ultimate-seo-training-course

اگر آپ آن لائن فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں، اپنی ویب سائٹ ہے، اپنا کاروبار کرنا چاہتے ہیں، یا بطور فری لانسر کام کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو ان میں سے اپنا پسندیدہ کورس کر لینا چاہیے۔ میں نے صرف سات کورس کا حوالہ دیا ہے، اس کے علاوہ بھی بہت سے کورسز ہیں جنہیں آپ گوگل سرچ کر سکتے ہیں۔

شکریہ

یہ تمام مضامین انگلش میں پڑھنے کے لیے وزٹ کریں۔

www.EtoBs.com

ہماری پراڈکٹ کے لیے وزٹ کریں۔

www.EtoPk.com

مفت اسلامی کتابوں کے لیے وزٹ کریں۔

www.EislamicBook.com

www.NuktaGuidance.com